کرتا ہون کہ مولانا عبدالصمد نے چودہ چیزین اس مہر کے خواص مین لکھی ہین اور جناب
ملا حیدر معمائی نے اس عمل کو حکیم طمطم ہندی سے کہ استادِ فلاطون تھا حاصل کیا تھا اور انکی
اولاد سے شیخ فیضی رحمہ اللہ نے حاصل کر کے واسطے اکبر محمد جلال الدین بادشاہ کے طیار
کیا تھا اور پر اسی طرح سے کہ اعداد سورۂ والشمس کو ہمراہ اسم اکبر جلال الدین کے امتزاج
دیکر طریقے پر حکیم طمطم ہندی کے عمل طیار کیا اور بازوی راست پر بادشاہ کے باندھا اور
سلطنت ہندوستان کی قائم ہوئی اور اقلیم ہندوستان کیوان یعنی زحل سے تعلق رکھتی
ہے اس واسطے مہر ستارۂ زحل کی بھی طیار کی ہندوستان کی اس طرح پر کہ یہ
آیت سورۂ یاسین مین ہے وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ اور عدد
سورۂ والشمس کو ساتھ اس آیت کے امتزاج دے کے نقش مربع مین پہنچے اور اعداد
آیت یہ ہین ۳۶۸۷ لیکن نقش مُدوّر یعنی گول ہو اور اعداد سورۂ والشمس ۱۹۴۷۸ اگر
جسوقت کہ آفتاب برج حمل کے ۱۹ درجے پر ہو وہ وقت شروع شرف آفتاب کا ہوتا ہے
اور ہمراہ مہر و اعداد نام دارندہ کا ہو اس کے اعداد ہمراہ انکے ملا کے نقش کو اوپر لوح
طلائی کے پُر کرے اور بخور آفتاب کا آتش پر روشن کرے مگر حکیم طمطم ہندی نے اور
جناب مولانا عبدالصمد اردبیلی نے اور فیضی نے تین مثقال طلا کی لوح پر طیار کیا تھا
جس کسی کے تئین اللہ جل جلالہ و جل شانہ ہدایت دے وہ اس عمل کو طیار کرے

اُس وقت تکسیر کو مرکب لکھا اور لوح کے حاشیے پر لکھا یہ عمل نہیت خواص رکھتا ہے واسطے
تسخیر عوام الناس کے اور تمام خلق اللہ کو رجوع کرنے کے طرف صاحب لوح کے
تمام وضیع اور شریف اور اُمرا اور حکام بلکہ تمام مخلوقات کو یہ عمل مسخر کرتا ہے اور بہت
مجرب ہے اور شیخ بہاؤ الدین نے فرمایا ہے کہ یہ عمل مولانا عبد الصمد نے حکمای مغرب سے
حاصل کیا تھا بہترین عمل ہے مگر جس وقت مربع نقش عمل آفتاب طیار کرے دوسرے روز
طلوع آفتاب سے پہلے اُٹھے جب نماز فجر سے فراغ پاوے بلندی پر کھڑا ہوا اور مونہہ
اپنا طرف مشرق یعنی طلوع آفتاب کے کرے اور سورۂ والشمس پڑھے اور بخور شمس کا
روشن کرے تاکہ تمام جرم نیر اعظم پڑھنے مین سورۂ والشمس کے طلوع ہوجاوے
جس وقت کہ تمام جرم آفتاب کا طلوع ہوچکے اُس وقت یہ عرض کرے کہ اے
نیر اعظم مقصود میرا یہ ہے کہ باشندے اِس ولایت کے اور تمام سردار اور اُمرا اے
عظام میری تسخیر اور اطاعت مین حاضر آوین اور مجکو بادشاہی پر پونہچاوین اور لوح طلائی
جس پر نقش مربع ہے اور آفتاب کے شرف مین طیار کی ہے اُسکو اپنے ہاتھ مین
رکھے اور لوح پر نظر رہے اور آفتاب سے عرض مذکور کرتا جائے پچاس بار طلسم آفتاب
کا پڑھے جو کہ پشت پر لوح کے کندہ ہے یعنی یہ اسم پیغمبران یہ ہین حضرت آدم
علیہ السلام حضرت ہود حضرت صالح حضرت ابراہیم حضرت اسماعیل حضرت اسحاق
حضرت یعقوب حضرت یوسف حضرت موسیٰ حضرت لوط حضرت شعیب حضرت
یوشع حضرت الیاس حضرت خضر حضرت یونس حضرت داؤد حضرت سلیمان
حضرت ایوب حضرت زکریا حضرت یحییٰ حضرت عیسیٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلواۃ اللہ علیہم
و علیہ الصلوۃ والسلام اور عدد سلاطین تیمور چنگیز خان سنجر و جمشید فریدون نوشیروان
شاہ اسمٰعیل ان سب کے اعداد جمع کرے اور [illegible] دم کرلے اور مہر طلائی کو حریر
سرخ یا حریر زرد مین لپیٹ کر بازو ہی راست پر [illegible] جس وقت مجلس مین بیٹھے

شخص کے واسطے ہو تو صرف باقی آیت کے اعداد وے اور تمام آیت کے اعداد تسخیر
خلائق کے واسطے ہین اگر تین اعداد ایکجا جمع کرکے یعنی طالب مع مادر اور مطلوب مع مادر
کے اور آیت کے جمع کرے اور بعد اسکے طالب کے نام کے حروف اور بعدہ
آیت کے حروف اور بعدہ مطلوب کے نام کے حروف لکھے ایک سطر کرکے حسد موخر
کرے تاکہ نام برآوے اسوقت حرف چار کو تین پھیرے اور قلب کے لے ان تمام حروف
کو جمع کرکے اعداد جمل کبیر استخراج کرکے جمع کرکے حرف بناوے اور نام خلیفہ تکسیر کا استخراج
کرکے ایک طرف لوح کے نقش مخمس پر کندہ کرے مع بسم اللہ کے اور پشت لوح مذکور
کے ایک طرف انکا بیان کی ہوئے اور اس کے سرپر نام خلیفہ تکسیر کا لکھے اور بعد اس لوح
کو اپنے عمامے یا پگڑی مین رکھے اگر تمام خلائق کی تسخیر ہو تو تمام آیت کو تا رؤف رحیم
استخراج کرے مگر ترکیب مخمس کے پر کرنے کی یہ ہے جس وقت کہ تمام اعداد کو جمع کر
اور اسمین ۶۰ عدد طرح کرے اور جو اعداد باقی رہین اسکے پانچ حصے کرے اور ایک
اول کو پہلے خانے مین لکھے تاکہ تمام نقش بھر جاوے اور اگر کسر ایک کی ہو تو خانہ ششم
مین رکھتا ہے ایک عدد زیادہ کرے اور دو عدد کسر کے باقی ہوون تو گیارھوین خانے
مین ایک زیادہ کرے اور اگر تین کسر ہوون تو سولھوین خانے مین ایک عدد زیادہ
کرے اور اگر کسر چار عدد کے باقی رہے تو ۲۱ خانے مین ایک عدد زیادہ کرے
تو نقش ایک ہو تو ۶ خانہ دوم پر سر مطلب شیخ عبدالمجید کے عدد آیۂ کریمہ تا عزیز حمید عدد مین
ہے اور اگر کسر تین ہو تو مطلوب کے [illegible] ۔۔۔ ۳ ۔ اور عدد
کے بیان کیے جاتے [illegible] المجید [illegible] جمع
پر آوے اور اسوقت ۱ ۔ طرح ۶۰ ۔ [illegible] ۱۴۶۴ ۔ اور ان اعداد کے پانچ حصے ۔
تو ور مین ہو تو بہت رہا کی کر [illegible] ۲۱ خانے مین نقش کے ایک زیادہ کیا جاوے
پلاوے دودھ [illegible] اور مثال یہ ہے

باب سترھوان تسخیرات کے بیان مین شامل ویر ۱۳ فصلون کے

فصل اول تسخیر بادشاہون مین نہایت بہتر ہے یہ عمل واسطے تسخیر بادشاہون کے اور
کل مخلوقات کے کفایت کرتا ہے آیت قل اللھم مالک الملک تا بغیر حساب کے اعداد
بین ۴۴۸۸۱۴ اگر اسم مین طالب کے امتزاج دے کے نقش مربع طیار کر کے اوپر طلا کے
یعنی لوح طلائی کے کندہ کراوے موافق ترکیب طالب مولانا عبد الصمد صاحب کے جسکا ذکر
اوپر ہو چکا ہے اور جسوقت لوح طیار ہو جاوے اُسی وقت اپنے بازو پر باندھے مین عرض
کرتا ہون شائقین کی خدمت عالی مین کہ مین نے اپنے اُستاد حضرت معصوم شاہ
مرحوم مغفور سے بہت کتابین علم نجوم وجفر مین دیکھین اُن سے سب منتخب کرکے یہ
کتاب طیار کی ہے مگر تمام اعمال مین سے یہ عمل جو شخص عمل مین لاویگا باشرائط تمام
وہ اور اولاد اسکی تا قیامت دولتمند رہیگی کسی بزرگ نے اہل مغرب سے یہ عمل شاہ
عثمان کے واسطے طیار کیا تھا سلطنت روم کی قائم رہے گی تا قیامت فقط

فصل دوم اعمال مغربی شرف نمبر دو کے بیان مین شیخ عبد المجید مغربی قدس سرہ العزیز اپنے
زمانہ مین یگانۂ آفاق تھے اور اُنکے صدہا مرید تھے اُنھون نے اس عمل کو واسطے تسخیر
تمام خلق خدا اور امیر وزیر کے جلیل القدر اور عورات معظمہ کے درست کیا تھا تاکہ اُنکو عزیز رکھین
اور مطلب خاص یہ تھا کہ خلیفۂ وقت سے دوستی اور محبت زیادہ ہو جاوے اور ترکیب اس
عمل کی یہ ہے کہ پہلے ایک لوح نقرئی وزنی ۲۷ ماشے کی لے اور اُس لوح پر نقش مخمس
یعنی مخمس بناوے باطہارت تمام لباس پاکیزہ پہن کے اپنے آپ کو معطر کرے اور بہر کیف
باوضو ہو کے کندہ کرے اور بخور روشن رکھے جسوقت لوح طیار ہو جاوے اُس لوح کو
اپنی پگڑی مین رکھے اور اگر چاہے کہ ایک شخص کو تسخیر مین لاوے تو ترکیب یہ ہے کہ اول نام
طالب کے اعداد مع مادر استخراج کرکے علیحدہ رکھے بعدہ مطلوب کے مع مادر استخراج کرکے
علیحدہ رکھے اور آیت کے عدد لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ اگر ایک

تمام اپنے بدن پر ملے اُس روز تمام اعضا بدن کے ہر بلا سے محفوظ رہین گے **فصل ۳**
شرفات کواکب مین شرف زحل کا ۲۱ درجے پر میزان کے ہے اور شرف مشتری کا برج
سرطان کے ۱۵ درجے پر ہے اور شرف مریخ کا برج جدی کے ۲۸ درجے پر ہے اور شرف آفتاب کا
برج حمل کے ۱۹ درجے پر ہے اور شرف زہرہ کا برج حوت کے ۲۷ درجے پر ہے اور شرف عطارد کا
برج سنبلہ کے ۱۵ درجے پر ہے اور شرف قمر کا برج ثور کے ۳ درجے پر ہے اور شرف راس کا
برج جوزا کے ۳ درجے پر ہے اور شرف ذنب کا برج قوس کے ۳ درجے پر ہے **فصل ۴** زہرہ
کے شرف مین نقش مخمس کو بیان کرتا ہون اسکو خوب یاد رکھنا چاہیے یہ تین نقش علم تکسیر سے
نکالے ہین اور انکا بیان کسی کسی جا پر آجاتا ہے یعنی یہ نقش مخمس شرف زہرہ سے تعلق
رکھتا ہے اور اعداد طبعی ۶۵ ہین پس اسم یا دیان کا استخراج کیا ۶۰ طرح کیے اور باقی ۵
رہے اور اسکے ۵ حصے کیے ایک حصے مین آیا چھٹے خانے مین زیادہ کیا اسی طرح

		۷۸۹					۷۸۹					۷۸۹		
۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷	۱۵	۸	۱	۲۴	۱۷	۱۸	۲۲	۱	۱۰	۱۴
۳	۲۰	۷	۱۴	۱۱	۱۶	۱۴	۷	۵	۲۳	۲۴	۳	۷	۱۱	۳۰
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰	۲۴	۲۰	۳	۶	۴	۵	۹	۱۳	۱۷	۲۱
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴	۳	۲۱	۱۹	۱۲	۱۰	۶	۱۵	۱۹	۲۳	۲
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۲	۹	۲	۲۵	۱۸	۱۱	۱۲	۱۶	۲۵	۴	۸

اگر کسر ایک ہو تو ۲۰ خانے مین ایک زیادہ کرے اور اگر کسر دو کی رہے تو ۱۶ خانہ مین ایک زیادہ
کرے اور اگر کسر تین ہو تو ۱۱ خانے پر ایک عدد زیادہ کرے نقش مخمس پر ہوگا اب خواص نقش
کے بیان کیے جاتے ہین معلوم کرنا چاہیے کہ جسوقت ستارہ زہرہ برج حوت کے ۲۷ درجے
پر آوے اور اسوقت قمر برج سرطان مین ہو ۲۷ درجے پر تو بہتر و الا قمر برج سرطان یا برج
ثور مین ہو تو بہت انسب ہے اور اسوقت مخمس کو لکھے اگر شربت مین دھو کے طفل کو
پلادے دودھ آسانی سے پیوے گا اگر اسوقت مرد اپنے وجود کو شربت مین دھو کے

یہ خاتم واسطے رفتار کے ہے				
۳	۳۰	۷	۲۴	۱۱
۱۶	۸		۱۲	۴
۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

لوح مقصود واسطے				
۲۹۴	۳۱۲	۲۹۹	۳۱۶	۳۰۳
۳۰۸	۳۰۰	خانہ مقصود	۳۰۴	۲۹۵
۳۰۱	۳۱۳	۳۰۵	۲۹۸	۳۰۹
۳۱۴	۳۰۶	۲۹۲	۳۱۰	۳۰۲
۳۰۷	۲۹۳	۳۰۱	۲۹۸	۳۱۵

اگر چاندی کی تختی نہو سکے تو لوح مسی پر کندہ کرے اور تکسیر صدر مؤخر کی تو اسم خلیفہ کا
الرضائیل ہوا اسکو تصویر پشت لوح کندہ کرا کے اوپر سر مقصود [illegible] لطائیل کو کندہ
کردیا مگر جسوقت کہ زہرہ برج حوت مین ۲۷ درجے پر آوے اُسوقت یہ عمل شروع کرکے
لوح مذکور طیار کی اور کچھ تصدق کرکے شیخ صاحب اپنی پگڑی مین لوح رکھ کے سلطان
زمان کی ملاقات کے واسطے سوار ہوئے شیخ صاحب فرماتے ہین حقا کہ بندے کے ساتھ نہایت
تعظیم اور تکریم سے پیش آئے اور اس طرح پر خاطرداری کی کہ بیان سے باہر ہے اور
اپنے آگے بٹھایا اور ایک عجیب طرح کا ماجرا دیکھا کہ جسوقت مین دربار سے سوار ہوا تو عورات
شہر کی جو کبھی اپنے گھر سے باہر نہ آئی تھین وہ عورات اپنے کوٹھون پر اور در و بام پر اور
دروازون پر واسطے دیکھنے سواری میری کے آئین نہایت ہجوم تھا اور میری سواری
کے ساتھ کہ [illegible] گروں کا مجمع تھا جسوقت بازار [illegible] لوح پر نقش [illegible] سے مین
[illegible] شہرہ تھا کہ سواری حضرت شیخ عطر کرے اور [illegible] کی
[illegible] سے یہ بات نہ تھی صرف یہ جانے اس لوح کو
[illegible] واسطے چاہا کہ یہ شہرت کم ہو مگر کم نہ ہوئی اور اگر کسی شخص پر کہ اول نام
تو اس لوح کو طیار کرے اور خواص اس لوح کے [illegible] مین [illegible] کرکے
لکھا اگر کوئی شخص بعد نماز فجر کے دس بار اس آیت [illegible] اگر ایک

جانب سے دو سطرین ہونگی پھر ایک سطر کرے اور گرد مربع کے لکھے اور ایک فتیلہ
طیار کرے روغن گاؤ و شہد خالص مین ملا کرکے فتیلہ روشن کرے اور منہ چراغ
کا طرف خانۂ مطلوب کے کرے اور یہ عمل مولانا عبد اللطیف گیلانی کا ہے اور وہ
اپنے وقت کے فرید زمانہ تھے اور احمد گیلانی کی خدمت مین رہا کرتے تھے یہ عمل
واسطے نجیل مصطفے کے جو ایک امیرزادگان نیشاپور سے تھا اور اُس زمانے مین اُسکو
یوسف ایران کہتے تھے اور وہ ایک شخص معروف بہ حکیم کوچک کی دختر سے میل عاشقی
رکھتا تھا اور بہت فریفتہ تھا اور اُن دنون مین بادشاہ نے مولانا عبد اللطیف گیلانی
کو گیلان سے طلب فرمایا تھا واسطے اپنے کسی کام کے اور بادشاہ نے نجیل مصطفے
کو فرمایا کہ مولانا کے پاس واسطے امتحان کے جا نجیل مصطفے مولانا کے پاس آیا اور عرض
کی کہ بادشاہ نے واسطے تجربے کے مجکو آپکی خدمت مین بھیجا ہے اور مین حکیم کوچک کی
دختر پر دیوانہ ہون اور مجھے یہ منظور ہے کہ دختر حکیم مذکور مجھسے راضی ہوجاوے مولانا
ممدوح جس کام پر دست انداز ہوتے تھے وہ کام فوراً ہوجاتا تھا گویا کہ اعجاز موسوی
رکھتے تھے الغرض ۱۰ شہر رجب سنہ [illegible] ہجری کو دار السلطنت قزوین مکان خلوت مین
کہ سوائے نجیل مصطفے کے اور دوسرا شخص نہ تھا یہ عمل طیار کرکے چراغ روشن کیا چار ساعت
شب گذری تھی کہ کسی شخص نے نجیل مصطفے کو خبر دی کہ دختر حکیم کوچک شہر کے دروازے
پر بیٹھی ہے نجیل مصطفے فوراً اُسکے پاس پہنچا اور دختر مذکور نجیل مصطفے کی صورت دیکھتے ہی
آنجا سے اُسکے ہمراہ نجیل مصطفے کے گھر مین آئی نجیل مصطفے وقت فجر کے دربار بادشاہ
مین پہنچا اور حضرت ظل اللہ سے تمام کیفیت شب کی عرض کی بادشاہ نے فوراً حکم دیا
کہ مولانا کو میدان مین گردن مار کے آگ مین جلا دو یہ عمل نہایت مجرب ہے اور تمام
نااہل اور جاہلون سے چھپایا ہے عامل کو چاہیے کہ اس قصے کو نصیحت سمجھے اور اپنی عمر
اور حرمت کو بچاوے

فصل ۱۱ عمل بیت تالیف قلوب مین واسطے رجوع ہونے خلائق کے

کسی عورت کو پلاوے تو وہ عورت تمام عمر کو لونڈی
ہوگی اور اگر کسی عورت کے نام کا نقش مخمس پر کرکے اُس نقش کو شربت مین دھوے
اور مرد اپنے اعضاے تناسل کو شربت مین دھوئے اور اُس عورت کو پلاوے
وہ عورت عاشق اُسکی ہوگی اور تمام عمر اُس مرد کی فرمان برداری سے باہر نہوویگی
اور جسوقت زہرہ شرف مین ہوا ور مشتری اپنے گھر مین ہوا ور قمر اندر برج سرطان کے
ہو تو نقش مخمس کو مشک اور زعفران سے لکھے اور لڑکے کو پلاوے تو وہ لڑکا خوش
طبع اور زیرک اور فہیم اور عاقل اور مقبول القول ہوگا اور اگر ساعت مذکور پر اس مخمس
طبعی کو لوح مسی پر کندہ کرکے حامل اپنے پاس رکھے تمام خلق اللہ اُس شخص کو عزیز رکھیگی
اگر زہرہ اپنے شرف مین ہوا ور آفتاب اپنے شرف مین ہوئے تو نقش مخمس کو مشک اور
زعفران سے لکھے شیر کے پوست پر اور دارندہ اپنے نام کو لکھے اور اپنے پاس رکھے
وہ شخص اوپر تمام شخصون کے غالب رہیگا درمیان مباحثہ اور کشتی اور جنگ کے
غالب آویگا اور اگر وقت مذکور ہو تو اُسوقت اوپر نگینے سونے یا چاندی کے کندہ کرے
اور اپنے پاس رکھے تو وہی خواص بخشیگا اور جسوقت آفتاب برج میزان یا قوس مین ہوئے
اور قمر برج بد اور نحس مین ہوئے یعنی جدی اور عقرب مین اور نظر آفتاب سے تربیع رکھتا ہو اور طالع وقت
نحس ہو تو بنام دشمن اوپر استخوان مردہ کافر کے لکھے اور اُسکو آتش مین دفن کردے وہ شخص
بیمار ہو جائیگا اور اگر ساعت مذکور مین بنام دو شخص کے واسطے جدائی کے اوپر کفن مردہ کافر کے
لکھے اور قینچی سے خانہ خانہ مخمس کے جدا کرے کہ خانے مخمس کے درست رہین اور اگر کفن میسر نہو تو کاغذ پر لکھے
اور تمام خانے درست علیحدہ علیحدہ قینچی سے کاٹکر گھر مین اُسکے ڈالدے جدائی اُن دونون مین ہو جائیگی
اور اگر طالع وقت برج جوزا کا ہو اور عطارد نحوس ہو اور قمر زحل سے مقرون ہو یا مقابلے پر ہو
تو اوپر کچی اینٹ کے لکھے اور ہفتے کا دن اور ساعت زحل کی ہو تو اس مخمس کو پانی
مین دھوکر خانۂ دشمن مین چھڑک دے تو وہ گھر برباد ہو جائیگا اور تاراج ہوگا اور اگر

س	ل	ا	م	ق	و	ل	م	ن	س	ب	س	ح	ی	م	د	م	و	د	ا	ح	م	د	م	ح	م	و	د
د	س	و	ن	م	ا	ح	م	م	ق	د	و	م	ل	ح	م	ا	ث	د	س	و	ب	د	د	و	ح	م	ی
ن	د	م	س	ح	و	و	ل	س	م	د	ا	ب	ح	و	م	س	م	د	ق	ن	و	ا	و	م	م	ح	ل
ل	ی	ح	د	م	م	م	س	و	ح	ا	و	د	و	ن	ن	ق	س	د	م	م	د	ر	ا	م	ب	و	ح
ح	ل	د	ی	ب	ح	م	د	ا	م	س	م	د	م	م	س	م	و	د	ح	س	ا	ق	و	ل	د	ن	و
و	ح	ث	ل	د	و	ل	ی	و	ب	ق	ح	ا	م	س	د	ح	ا	د	م	و	ر	م	م	س	د	م	م
م	و	م	ح	د	ن	س	ل	م	د	م	و	ر	ل	و	ی	م	و	د	دب	ا	ق	ح	ح	د	ا	س	م
م	م	س	و	ا	م	د	ح	ح	د	ح	ن	ق	س	ا	ل	ب	م	د	د	و	م	م	و	وی	س	و	ل
ل	م	و	م	س	س	ی	و	و	ا	م	م	م	د	و	ح	د	ح	د	د	م	ح	ب	ن	ل	ق	ا	س
س	ل	ا	م	ق	و	ل	م	ن	س	ب	س	ح	ی	م	و	د	و	د	ا	ح	م	د	م	ح	م	و	د

تمام حروفات کی ایک سطر لکھے بعدہ صدر موخر کرے جسوقت زمام برآوے تو
اصل زمام سے حروف علحدہ لکھے اور حروف ظلمانی علحدہ لکھے اور بلاتکلہ اور عوان
کو جدا جدا لکھے اور اعداد حروف نورانی لکھے نقش مربع لوح طلا پر کندہ کرے اور اعداد
حروف کے باسم دشمن جو دشمنی رکھتا ہو اور حروف ظلمانی کے اعداد کے ہمراہ
کرکے لوح سیسے مین نقش مثلث پر کرے واسطے مقہوری اعدا کے اور حروف
اسم کے ساتھ یعنی مزاج دے کے اوپر حاشیے لوح طلائی کے
موخر کی ایک لوح طیار کرے جیسے کہ لوح حروف کی ہم نے لکھدی ہے
حروف علحدہ علحدہ کیے چنانچہ حروف نورانی یہ ہین س ل ا م ق
ح ی م ا ح م م ح م حروف نورانی ۱۹ حرف ہین اور حروف
و د و د ۹ حروف ظلمانی اور عدد نورانی حرف کے یہ ہین جمع ۹۴۶
۴۲ حروف ظلمانی اور جمع حروف نورانی جمع ۹۴۶ طرح ۳۰ باقی ۹۱۶ حصہ ۲۲۶

س ل ا م ق و ل م ن س ب س ح ی م و د و د ا ح م د م ح م و د

یہ عمل مولا عبد اللطیف گیلانی کا ہے پہلے لوح طلائی طیار کرے یکشنبے کے روز اور
قوی حال ہو اور نحوست سے پاک ہو تو یہ اعداد لوح طلائی پر نقش مربع میں پر کرے اعداد
یہ ہین ۹۵۰۸ اور اسکا ربع حصہ یہ ہے ۲۳۲ مگر شروع ۱۲ خانے سے کرے اور خانہ اول
تمام کرے اور پہلے وضو کرکے کپڑے پاکیزہ پہنے اور بخور خوشبو دمبدم آتش پر جلادے
ایک دانہ یاقوت سرخ اپنے مونہہ مین رکھے اگر سوراخ دار ہو بہتر ورنہ بدون سوراخ
فراغ اس عمل سے کے مونہہ مین یاقوت مذکور رکھے اور کسی سے بات نہ کرے جسوقت
یہ لوح کندہ ہو چکے بعد اُسکے لوح کے حاشیے پر یہ آیت کندہ کرے وہ آیت یہ ہے
وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ اور یہ عمل نہایت مجرب ہے اور یہ عمل
مولانا عبد اللطیف گیلانی نے واسطے مرشد قلیخان کے مشہد مقدس مین کیا تھا
تمام اُمراے قزلباش مطیع و فرمان بردار ہو گئے اور بعد فراغ طیاری لوح کے کچھ
تصدق موافق حیثیت اپنی کے کرنا واجب اور لازم ہے اور شیخ بہاؤالدین محمد عاملی
نے واسطے الہ وردیخان کے طیار کیا تھا خان مذکور داروغہ اصفہان کا ہوا مگر لوح
بازوے راست سے باندھے رہا تھوڑے ہی زمانے مین پھر الہ وردیخان حاکم فارس
کا ہوا اس طرح پر جاہ و جلال کو پونہچا کہ عقل سے باہر ہے میرے نزدیک کل اعمال میں
پرہیزگاری اور اعتقاد شرط ہے فصل ۱۱ تکسیرات قرآنی مین اہل مغرب کا بیان ہے
کہ خاص واسطے تسخیر ملوک اور سلاطین کے پہلے لوح طلائی خاص طیار کرکے
بعد اس کے آیت سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ اور اسم الٰہی یا ودود
اور بعد اس کے اسم طالب اور مطلوب ان سب کو قطع قطع حرف لکھے یعنی یا
و د و د اور طالب اور مطلوب سے کے علحدہ اور آیت بسط مسلم ایک سطر فرد
حروف کی جیسے مثال اسکی یہ ہے س ل ا م ق و ل م ن ر ب ر
ی م و د و د ا ح م د م ح م و د احمد طالب اور محمود مطلوب

عمل یہ ہے کہ دو صورتیں لوح مس پر کھینچے اور عدد مرد کے جو ہوں وہ تصویر مرد کے شکم میں
نقش مربع لکھے ان اعداد کو ۵۹۶ ۵۰ اور شکم تصویر عورت میں ان اعداد کا مربع لکھے اعداد
شکم عورت کے یہ ہیں ۹۷۴۳ اور جو تصویر مع نقش مربع کے لوح مسی پر کندہ ہوئے
اسے ایسی آگ میں دفن کرے کہ ہمیشہ وہ آگ جلتی رہے وہ عورت اس طرح کی
محبت میں گرفتار ہوئے کہ اپنے جامے کی اسکو خبر نہ رہے اور دم بھر اس مرد سے
علیحدہ نہ ہوئے اور فرمانبردار رہے اور طریقہ اس لوح کے طیار کرنے کا یہ ہے کہ عروج
ماہ ہو اور روز پنجشنبہ یا جمعے کا ہو اور زہرہ اور مشتری کی نظر تثلیث ہو اس روز شروع
کرے اسی روز اثر بخشے گا ایک روز کا ذکر ہے کہ مولانا جلال منجم شیخ صاحب رحمۃ اللہ
علیہ کی خدمت میں حاضر تھے اور کتاب جناب شیخ صاحب مطالعہ فرماتے تھے جناب
منجم صاحب کی نظر اس عمل پر پڑی متحیر ہوئے اور جناب شیخ صاحب سے روبرو منجم
صاحب نے اپنا حال بیان کیا جناب شیخ صاحب نے منجم صاحب کے واسطے اس عمل کو
طیار کیا اور دو تصویر لوح مسی پر کھینچیں اس طرح پر کہ عورت دونوں ہاتھ مرد کی گردن
میں ڈالے ہوئے لپٹی ہو اور مرد مجامعت کر رہا ہو اور نقش مربع اعداد مرد کے جو
اسم مرد کے نقش مربع میں بھرے اور عورت کے نام کے اعداد شکم عورت میں پر کرے اور ان
سبکو جمع کرکے مربع شکم عورت طیار کیا اور منجم صاحب نے عورت جلیلہ خاتون معظمہ کو
طیار کرا کے آگ میں دفن کیا اور وقت طیار کرنے اس عمل کے واسطے مرد اور عورت کا جو
طالع کندہ کے تھا اور بخور زہرہ اور مشتری کا روشن تھا وہ خاتون معظمہ ایسی تسخیر میں منجم کے آئی
کہ بیان سے باہر ہے فصل ۳ بیان میں تسخیر کے اگر چاہے کہ بادشاہ یا وزیر یا حکام کو طرف
اپنے متوجہ کرے اور دوسرے کی طرف سے روگردان کرے یا چاہے کہ دوسرے
شخص کی طرف سے روگردان کرکے اپنی طرف رجوع کرے طریقہ اس عمل کا یہ ہے کہ نام
اپنا اور بادشاہ کا اور حرف اولی جو کہ حرف صامتہ ہوں علیحدہ کرکے لوح سیسے میں

	۹۷۶		
۱۳۶	۱۳۹	۲۴۲	۲۲۹
۲۳۱	۲۳۰	۲۳۵	۲۴۰
۱۳۱	۲۴۲	۲۳۷	۲۳۴
۲۳۸	۲۳۳	۲۳۲	۲۴۳

ج ع ہ الف ا ن ب ز ن ل ن ا ی و ن ل ز ن ب م ح
ق ہ ا ج ف ہ ر ا ن ط سطر اول چونکہ بسط عزیزی
سے چنانچہ کلینائیل رہکنائیل مقاقائیل زہطنائیل
جہمبائیل زہجنائیل زہجائیل اور دوسری سطر کے
عوان یہ ہین جہکاھوش نبزناھوش رجہناھوش کزبنا ھوش محقہاھوش
اجقہاھوش رہطاھوش سطر اول کو صدر موخر کیا اُس سطر کو بسط عزیز کیا ۲۸ حروف ہوئے
۴ اور ہم حروف کو ترکیب دیا ملائکہ پیدا ہوئے اور بعد اسکے جو کہ سطر بسط عزیزی کی ہے
اُسکو ایک بار صدر موخر کیا اُس سطر کے عوان پیدا ہوئے یعنی مُوکل کو ئیل کا خطاب
دیا اور عوان کو ہوش کا خطاب دیا اور سطر اول کو صدر موخر کیا جب زمام بر آیا تب
معلوم کیا تمام حروف نورانی کو علحدہ کیا اور ظلمانی کو علحدہ کیا حروف نورانی کے
اعداد کو لوح مربع مین پر کیا اور حروف ظلمانی کو ہمراہ دشمن کے اعداد کے مثلث پر
کیا چنانچہ اعداد ظلمانی ۴۲ اور دشمن کے ۲۰۵ عدد ہین انکو جمع کیا جمع ۲۴۷ طرح ۱۲
باقی ۲۳۵ اور حصہ ۷۸ اور چار گوشے اور قلب سے تکسیر کے حروف استخراج کیے س دل
م م تو ۶ حرف حاصل ہوئے اور ان حروف کے اعداد کیے
۲۳۴ اسکے حرف بنائے دلو اسم اعظم یعنی دلو حاصل ہوا
مربع نقش لوح طلائی کندہ کیا اور اسمائے ملائکہ اور عوان کہ اُن

۸۱	۸۶	۷۹
۸۰	۸۲	۸۵
۸۶	۷۸	۸۳

اسم اعظم کو ان سب اسما کو گرد لوح کے کندہ کیا لوح طیار ہوگئی اور جسوقت دربار
ملوک یا حکام کو جائے لوح کو آتش مین دفن کرکے بخور خوشبو جلائے اور دربار مین
جائے تو نظر ملوک یا حکام مین عزیز ہو اور جسوقت اپنے گھر مین آئے تو لوح مذکور کو
گلے مین رکھے یہ عمل بہت مجرب ہے اہل مغرب کا اور اُستادون نے رمز مین عبارت
سے بیان کیا ہے مین نے تمام عمل کو مثال مین بیان کردیا تاکہ مبتدی کو آسان ہو

مالک ستارہ عطارد ہے یا وہاب یا کریم یا جواد اور برج سنبلہ ۴۰ یا علی یا حی
یا ولی اور اگر روز پنجشنبہ ہے مالک اس روز کا ستارہ مشتری ہے اسم الٰہی یا
مذل یا سمیع یا قدوس یا عزیز یا باسط اور برج قوس اور حوت ۸۰
یا مذل یا سمیع یا قدوس یا عزیز یا باسط اسی طرح اسمای الٰہی استخراج کرے

باب بعنوان بیان زکوٰۃ اسمای الٰہی میں شامل و پر ۲ فصلوں کے

فصل ا طریق زکوٰۃ مشائخوں میں معلوم کرنا چاہیے کہ علم تکسیر میں ہر جگہ پر اسماے الٰہی درکار ہوتے ہیں مگر تھوڑا سا بیان چالیس اسماے الٰہی کا بیان کیا جاتا ہے اور طریقہ انکے استخراج کا یہ ہے کہ جو شخص انکی دعوت کرے باشرائط تمام کے وہ شخص صاحب کشف القلوب اور کشف القبور ہو جائے گا اور سیف زبان اسمین بکمال اسرار اور تاثیر ہے اور اسمین اسم اعظم ہے اور جن شخصوں کو تعلیم کامل ہوتی ہے وہ شخص بدرجۂ اولیاء اللہ کے اور ابدال اور غوث اور قطب کے پہونچتا ہے اور کرامات اس سے ظاہر ہوتی ہیں طریقہ شرایط دعوت کا بیان کیا جاتا ہے اور جو اس امر کے جویان ہیں وہ شخص خوب خیال سے دریافت کرتے ہیں مثلاً اگر کوئی شخص اسماے الٰہی کی دعوت کرے اور اسم کے بیس حرف شمار میں ہوں تو ہر حرف کو ہزار بار شمار کرکے پڑھے مثلاً بیس حرف کو بیس ہزار بار پڑھے اور بیس حرف کو بیس ہزار میں جمع کیا اور ۲۰ حرف کو اندر ۲۰ کے ضرب کیا ۴۰۰۰۰ اور حاصل ضرب کو جمع کیا اسکو نصاب کہتے ہیں اور جو اسکو نصف کیا تو وہ زکوٰۃ اسم کی ہوئی پھر اسکو نصف کیا تو اسکو عشرہ کہتے ہیں اور اول ۴۰ کے نصف کو قفل کہتے ہیں اس کے دس ہزار ہوئے اور دور مدور کو برابر نصاب کے شمار کرے اور بذل کے سات ہزار اور ختم کے بارہ سو اس حساب سے اسم کو پڑھے اور درمیان اس دعوت کے قفل بذل اور ختم اس طرح پر تمام اسماے الٰہی کا بیان ہے مثلاً دعوت اسم اول کی

تکسیر کرے کہ اسی لوح مین نقش مثلث لکھے چنانچہ ہر دو اسم کو تکسیر کرے اور بوقت زوال
بر آوے اسوقت حروف نورانی علیحدہ کرے اور حروف ظلمانی کے اعداد استخراج
کرکے نقش مثلث پر کرے اور بیچ سینے کی پشت کی طرف حروف نورانی کے
اعداد استخراج کرکے مثلث مین پر کرے اور چونکہ حروف نورانی ہین اگر شمار مین طاق
ہون تو پانچ اور پانچ کا اسم طیار کرکے کلمہ ئیل کا خطاب دے نام موکل کا پیدا ہوگا
اسمین جو کچھ اسم موکل کا ہوگا نکل آویگا اسکے اسم ملائکہ کا حاشیے پر لوح کے لکھے اور گھر
مین چوکھٹ کے نیچے دفن کردے اگرچہ بادشاہ کے نزدیک وہ شخص زبون ہوگا
تو بھی وہ شخص صاحب رفعت اور منزلت ہوجائیگا اور اگر غضب سلطانی ہو تو وہ غضب
شفقت سے بدل ہوجائیگا ترکیب دوسری لوح کی حضرت شیخ بزرگ یہ عمل حکیم طمطم ہندی
سے بیان کرتے ہین کہ نام اس شخص کا اور نام بادشاہ یا حاکم کا یا کسی دوسرے شخص کا
اعداد استخراج کرے اور بعد کتابت یہ ہین ۱۰۴۰ اور اس عدد کو ہمراہ استخراج عدد اسماکے
ایک جا جمع کرے اور پیچھے اس لوح پر دو تصویرین کھینچے ایک صورت آدمی کی
اور دوسری صورت سنگ کی ہوئے جو کہ صورت آدمی کی ہوئے اسکے پہلوے
راست کی طرف یہ حرف لکھے ۳ صحہ ☰ اور پہلوی چپ کی طرف یہ
حرف ہون ما لا X ۲ ت X اور سر پر یہ حرف ہون صہ لہ x سے لا سہ
اور اوپر کف پای راست کے یہ حرف ہون یا طیال اور کف پای چپ پر یا اسطال
اور سر پر صورت سگ کے یہ حروف یا کتمال اور پہلوی راست پر یہ حرف ہون یا امطیال
اور پہلوی چپ پر یا جنہال اور پھاوڑا سگ کے ہاتھ مین دے اور اس پھاوڑے
پر ایک طرف یہ لکھے عیطال اور ہاتھ پر یہ لکھے ۱ لا ۳ لا اع صا اور دوسری
طرف پھاوڑے کے یہ لکھے اسطہال بعد اسکے دونون صورتون کو جس جگہ وہ دونون
شخص تخت یا فرش یا زمین پر بیٹھے ہون بناوے مگر لوح بڑی ہو کہ نقش مثلث

مرد وزن کے خاصیت اسم دہم بر آنا امورات دارین اور بر آ ... غدلسان
یعنی زبان بندی کرنا حاسدون اور دشمنون کی اور کشف ارواح اور راہ دکھلانا حق کا
خاصیت اسم یازدہم بر آنا حاجات کا بادشاہون کی طرف سے اور امداد کرنا وزرا کا
اور خلاصی پانا قرضداری سے اور تسخیر بادشاہ اور گدائی اور تابع کرنا نفس امارہ کا
خاصیت اسم دوازدہم بر آنا حاجات کا اور دفع سحر اور برص اور جذام کا اور جو امراض
مہلک ہون اور محفوظ رہنا جن اور کید شیطان اور انسان سے خاصیت اسم سیزدہم
بر آنا امور دل کا اور تسخیر جن اور شیاطین کی اور حاضر کرنا انسان کا خاصیت اسم چہاردہم
واسطے فراخی روزی اور کشایش رزق اور حصول رزق کے خاصیت اسم
پانزدہم ہلاکت دشمن اور خلاصی ظالم کے ہاتھ سے اور معلوم کرنا عقائق معرفت
حق کا خاصیت اسم شانزدہم واسطے بینائی اور روشنی چشم کے اور زبان کی لکنت
سے پاک ہونا اور اگر کان کی سماعت کم ہوگئی ہو تو اسکی برکت سے شفا پانا خاصیت
اسم ہفتدہم مخلصی پانا قرضداری سے اور ترقی روزگار کی اور مرض کا دفع ہونا
خاصیت اسم ہیزدہم دفع بلا یا وریخ باطل کرنا جادو وغیرہ کا خاصیت اسم نوزدہم
حاضر کرنا غائب کا یا خبر معلوم کرنی خاصیت اسم بستم حصول محبت حق تعالیٰ اور
کسی کو تابع کرنا خاصیت اسم بست ویکم تسخیر عالم الارواح علوی کی خاصیت اسم
بست و دوم تسخیر خلائق اور عاشق ہونا معشوق کا اور دولت علوی مرتبے سے
ظاہر ہونا اور دفع رجعت کواکب سے محفوظ رہنا خاصیت اسم بست و سوم واسطے
دفع پریشانی احوال ظاہری کے اور حاضر کرنا غائب کا خاصیت اسم بست وچہارم
واسطے قبولیت دعا اور علو مرتبہ دارین اور رجعت اسم کواکب کے خاصیت اسم
بست و پنجم واسطے حصول غنا اور خصوصاً حاجات دونون جہان کے اور کشف
عالم جبروت اور لاہوت اور تسخیر وغیرہ خاصیت اسم بست و ششم واسطے دفع اعدا کے اظہاری

یا ھمرائیل یا ھموائیل بحق استغشا اور تفسیر اسماے الٰہی کا یہ بیان ہے وسبحانہٗ
لا الٰہ الا انت یا رب کل شئی و وارثہ و رازقہ و واحدہ درمیان اسم کے ۴۶
حروف ہین بقاعدہ مذکور استخراج عدد جمل کبیر اسم کے یعنی ۴۶ کو ۴۶ مین ضرب کیا تو یہ
عدد ۲۱۱۶۰۰ ہوئے اور یہ ترکیب نصاب کی اور وہ یہ ۱۵۰۰۰ اور زکوٰۃ یعنی
اسکے ۵۲۹۰۰ اور عشر و قفل ۱۰۰۰۰ اور دور عدد کے برابر نصاب کے اور بذل
۶۰۰۰ اور ختم ۱۲۰۰ یہ پڑھے اور بعد اس نیت کے دعوت کے ۴۶ روز ہر روز
۴۶ ہزار بار پڑھے اس مثال سے تمام چالیس اسم کو طیار کرے ہرگز خطا نہ کریگا
اب خواص چالیس اسماے الٰہی کے کہ ہر ایک اسم اعظم ہے اور خاصیت اسم اول
کی بیان کرتا ہون ملاقات سلاطین اور پرورش دل اور دفع سرکشی محبوب اور میراث
کا لینا اور خاصیت اسم دوم کی واسطے تسخیر خلائق اور دفع تنگدستی اور رجوع دولت
و حشمت کے اور درجات علوی کا حاصل ہونا اور برآنا حاجت دارین کا اور کمال
مشہور نا خاصیت اسم سوم کی برآنا حاجات کا اور تسخیر خلائق اور دفع مضرت یعنی نحوست
قمر کی اور کواکب کی اور دوست رکھنا خلق اللہ کا خاصیت اسم چہارم برآنا حاجات
دارین کا اور محبت محبوب کی اور رجوع کرنا بادشاہ کا طرف صاحب دعوت کے اور
رفع بدخوئی اور فریفتہ کرنا کسی کو اوپر کسی کے یا اپنے اوپر خاصیت اسم پنجم برآنا
حاجات کا اور زندہ ہونا دل مردہ کا اور صحت بیمار کو خاصیت اسم ششم حصول
ثبات و حضوری دل اور کشایش کارہاے مہم اور حاصل کرنا اسباب چوری گئے
ہوئے کا خاصیت اسم ہفتم واسطے دفع فکر باطن اور ڈر اور خوف اور قہر دشمن وغیرہ
کے اور تسخیر بادشاہ اور خلائق کے اور حصول ذوق و شوق حق کے خاصیت
اسم ہشتم واسطے حصول استحکام عمل باطن و حکومت سلاطین پر اور واسطے ہر ایک کام
کے خاصیت اسم نہم واسطے برآنے حاجات اور دفع خصائل بد اور محبت میان

منسوب ہین اور ہر برج فلک پر ایک ایک روحانی ایک ایک حرف پر موکل ہے پس
۲۸ اسمای الٰہی اور ۲۸ منزلین قمر کی ہین جیسا کہ پہلے اسکی ابجد مین اسکا ذکر ہو چکا
ہے جو کچھ کہ عالم مین ہے اِن اسماے الٰہی کا ظہور ہے ملک اور باطن ملکوت ایک
دوسرے سے ہین اور رنگ آمیز طرح بطرح کے رکھتے ہین مگر یہ کیفیت معلوم نہین ہوتی
جب تک کہ اسماے الٰہی کی دعوت نہین کیجاتی اور جو کوئی اس دعوت کو کرے عنداللہ
وعندالناس وعند جمیع الموجودات قبول ہوتی ہے اور ہر حرف کی تفصیل ومراتب
ہین اور سب کی تجلیات حرف سے ظاہر ہوتی آتی ہین درمیان عالم کے موجودات
ہین اور جو سالک اس دعوت سے مشرف ہو اول شرف مراتب حروف کے جانے
اللہ تعالی کی عنایت سے مراد کو پہونچیگا سند شرائط معلوم کرے حروف مکتوبی جو
بیچ اسم کے ہین اسکو جمع کرے مثلاً بیس حرف ہوئے پس ایک حرف ایک سو
دفعہ پڑھے نصاب مرتب ہوا اور جمع دو ہزار ہوئے اور نصف اِسکا اسپر زیادہ کرکے
پڑھے تو زکوٰۃ کا مرتبہ ہوا اور جمع اسکی تین ہزار ہوئے اور نصف اسکا نصف پر جمع
کرے اور پڑھے تو عشر کا مرتبہ ہوا اور جمع اسکی تین ہزار اور پانچ سو ہوئے اور
نصف اسکا پڑھے تو قفل کا مرتبہ ہوا اور عدد اسکے دو سو پچاس ہوئے بشمار عشر
اور قفل کے دوچند کرکے پڑھے تو دور عدد و مرتبے کا ہوا اور بہ نیت بذل
کے سات ہزار اور بہ نیت ختم بارہ سو دفعہ پڑھے اِس دعوت حرفی مین ستہ حرفی جو
اسم اعظم کے بذل اور ختم کی تمام قرارت اِس قدر ہوئی اور جو کچھ کہ شرائط تھے وہ
سب بیان کر دیے گئے فقط اور دوسرا طریقہ دعوت کا یہ ہے اسکو معلوم کرنا چاہیے
اسم کو بشرائط تمام حروف اُسکے شمار کرے اور جو کہ قاعدہ حضرت امیر المومنین علی
کرم اللہ وجہہ فرماتے ہین یہ ہے کہ جس اسم الٰہی کی دعوت کرے اول اُسکے حروف کو
شمار کرکے جدا جدا لکھے مثلاً شمار مین دس ۱۰ حرف آئے تو تین ۳ حرف شمار مین لاوے

اور باطنی اور زلزلہ اور برق و باران اور برکت کشت اور زراعت اور میوجات
مین خاصیت اسم بست و ہفتم ہزیمت لشکر بیگانہ اور دفع اعدا اور کشادگی آواز سینہ
اور چوری کا نکالنا خاصیت اسم بست و ہشتم واسطے علو درجات دارین اور قربت
حق کے خاصیت اسم بست و نہم واسطے مقہوری اعدای ظاہری و باطنی اور روبرو
حاضر ہونے بادشاہون اور حاکم جابر کے اور تسخیر عطارد کے خاصیت اسم سی ام
واسطے معرفت توحید و لطف حق تعالی کے اور پر آسمان و زمین کے اور طہارت ظاہری
و باطنی و دفع دردسر کے مفید ہے خاصیت اسم سی و یکم واسطے تسخیر کوکب مشتری اور
پانا مرتبۂ عالی کا خاصیت اسم سی و دوم موصوف ہونا ساتھ جمیع صفات کے حق تعالی
سے اور زندہ ہونا مردے کا بحکم خالق کے اور شفا پانا مریض کا اور خلاصی پانا ظالم کے
ہاتھ سے خاصیت اسم سی و سوم حصول مقاصد کونین و دفع اعدا اور مرتبہ حاصل ہونا
خاصیت اسم سی و چہارم زیادتی مراتب دارین و مقاصد کونین اور قطع اوصاف اور
قبولیت عالم مین اور موصوف ہونا بصفات حق کے و تسخیر کوکب زحل خاصیت اسم
سی و پنجم واسطے حصول علو درجات اور حصول مال و جاہ و فضل دارین اور مریخ
کی تسخیر خاصیت اسم سی و ششم واسطے حصول اطاعت ظالمان و حاسدان و بدکاران
کے خاصیت اسم سی و ہفتم واسطے مقاصد دارین کے خاصیت اسم سی و ہشتم واسطے
حصول مرادات اور زبان بندی بدگویان اور پیدا ہونے عجیب و غریب علوم اور حکمت
وغیرہ کے خاصیت اسم سی و نہم واسطے خلاصی محبوس اور شفا پانے مریض کے خاصیت
اسم چہلم محفوظ رہنا بدگویون سے اور کشف ہونا ۱۸ ہزار عالم پر اور معلوم کرنا تمام خیر
اور تسخیر مخلوقات کا اور رجوع کرنا خلائق کا **فصل ۲** بیان احوال دعوات حرفی مین
معلوم کرنا چاہیے کہ ہر حرف کو ایک کے بعد دوسرے کی تفصیل کی ہے
۲۸ حروف ابجد کے کہ جو اصل مین ہین اور ۲۸ اسماے الٰہی ہین ہر حرف کے ساتھ

وَ دَعَتْ كُلُّ الْخَلَائِقِ مِنْهُ يَا مَنَّانُ اسم ہستم يَا دَيَّانَ الْعِبَادِ كُلٌّ يَقُوْمُ خَاضِعاً لِرَهْبَتِهِ وَرَغْبَتِهِ يَا دَيَّانُ اسم نوزدہم يَا خَالِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَكُلٌّ اِلَيْهِ مَعَادُهٗ يَا خَالِقُ اسم بستم يَا رَحِيْمَ كُلِّ صَرِيْخٍ وَمَكْرُوْبٍ وَغِيَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ يَا رَحِيْمُ اسم بست ویکم يَا تَامُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسُنُ كُنْهَ جَلَالِ مُلْكِهٖ وَعِزِّهٖ يَا تَامُّ اسم بست و دوم يَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ يَبْغِ فِيْ اِنْشَائِهَا عَوْنًا مِّنْ خَلْقِهٖ يَا مُبْدِعُ اسم بست و سوم يَا عَلَّامَ الْغُيُوْبِ فَلَا يَفُوْتُ شَيْءٌ مِّنْ حِفْظِهٖ يَا عَلَّامُ اسم بست و چہارم يَا حَلِيْمُ ذَا الْاَنَاتِ فَلَا يُعَادِلُهٗ شَيْءٌ مِّنْ خَلْقِهٖ يَا حَلِيْمُ اسم بست و پنجم يَا مُعِيْدُ مَا اَفْنَاهُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ مِنْ مَّخَافَتِهٖ يَا مُعِيْدُ اسم بست و ششم يَا حَمِيْدَ الْفِعَالِ ذَا الْمَنِّ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَا حَمِيْدُ اسم بست و ہفتم يَا عَزِيْزُ الْمَنِيْعُ الْغَالِبُ عَلٰى اَمْرِهٖ فَلَا شَيْءَ يُعَادِلُهٗ يَا عَزِيْزُ اسم بست و ہشتم يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ بعد اسکے یہ عبارت زیادہ کرے کشتم و دفع کردم وہلاک نمودم وخراب ساختم جملہ دشمنان ومخالفان دنیا اسم بست ونہم يَا قَرِيْبُ الْمُتَعَالِيْ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ عُلُوُّ ارْتِفَاعِهٖ يَا قَرِيْبُ اسم سی ام يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ اسم سی ویکم يَا نُوْرَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدَاهُ اَنْتَ الَّذِيْ خَلَقَ الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِهٖ يَا نُوْرُ اسم سی و دوم يَا عَالِي الشَّامِخُ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ وَّعُلُوُّ ارْتِفَاعِهٖ يَا عَالِيْ اسم سی و سوم يَا قُدُّوْسُ الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ فَلَا يُعَادُّهٗ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَا قُدُّوْسُ اسم سی چہارم يَا مُبْدِئَ الْبَرَايَا وَمُعِيْدَهَا بَعْدَ فَنَائِهَا بِقُدْرَتِهٖ يَا مُبْدِئُ اسم سی و پنجم يَا جَلِيْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ اَلْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ يَا جَلِيْلُ اسم سی و ششم يَا [illegible] فَلَا تَبْلُغُ الْاَوْهَامُ كُلَّ كُنْهِ ثَنَائِهٖ

یعنی ایک حرف کے تین حرف لے اور بعد اسکے عدد جمل کبیر ان تمام حروف کے جمع کرے
جو پیغیران مطابق اسکے ہو پڑھے اس طرح سے کہ جس روز کہ پہلی دعوت شروع کرے
ہزار بار سورۂ فاتحہ کو پڑھے مع بسم اللہ کے فضل الٰہی سے سریع الاجابت ہو گا اور
جلد ظہور ہوگا دعوت اسم سبحانک تا آخر نصاب ۶۲۵۰ بار اور عشر ۷۷۷۵ اور
قفل ۵۶۲ اور دور بدور ۱۴۳۷ بذل ۷۰۰۰ اور ختم ۱۲۰۰ پس بارہ سو مرتبہ
پڑھے چونکہ حکم قاعدۂ مذکور کا ہے درمیان اس اسم کے ۱۳۵ حرف ہوئے قرأت حروف
کے عدد جمل جمع کر کے اول اور آخر سورۂ فاتحہ پڑھے اور جو کہ پہلے مذکور ہو چکا ہے
اور باقی اسمای اعظم کو اس طرح پر پڑھے اسم اول سُبْحَانَكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا رَبَّ
كُلِّ شَيْءٍ وَّوَارِثَهُ وَرَازِقَهُ وَرَاحِمَهُ سُبْحَانَكَ اسم دوم يَا إِلٰهَ الْآلِهَةِ الرَّفِيْعَ
جَلَالُهُ يَا إِلٰهُ اسم سوم يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهِ يَا اَللّٰهُ اسم چہارم يَا رَحْمٰنَ
كُلِّ شَيْءٍ وَّرَاحِمَهُ يَا رَحْمٰنُ اسم پنجم يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهِ وَبَقَائِهِ يَا حَيُّ
اسم ششم يَا قَيُّوْمُ فَلَا يَفُوْتُ شَيْءٌ مِّنْ عِلْمِهِ وَلَا يَؤُوْدُهُ حِفْظُهُ يَا قَيُّوْمُ اسم ہفتم
يَا وَاحِدُ الْبَاقِيْ أَوَّلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّآخِرَهُ يَا وَاحِدُ اسم ہشتم يَا دَائِمُ لَا فَنَاءَ وَلَا زَوَالَ
لِمُلْكِهِ وَبَقَائِهِ يَا دَائِمُ اسم نہم يَا صَمَدُ مِنْ غَيْرِ شِبْهٍ وَّلَا شَيْءَ كَمِثْلِهِ يَا صَمَدُ
اسم دہم يَا بَارُّ فَلَا شَيْءَ كُفُوُهُ يُدَانِيْهِ وَلَا إِمْكَانَ لِوَصْفِهِ عَظِيْمَةً يَا بَارُّ
اسم یازدہم يَا كَبِيْرُ أَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَا تَهْتَدِي الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظَمَتِهِ
يَا كَبِيْرُ اسم دوازدہم يَا بَارِئَ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَيْرِهِ يَا
بَارِئُ اسم سیزدہم يَا زَاكِيُّ الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ آفَةٍ بِقُدْسِهِ يَا زَاكِيُّ اسم چہاردہم
يَا كَافِيَ الْمُوَسِّعَ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَايَا فَضْلِهِ يَا كَافِيْ اسم پانزدہم يَا نَقِيًّا مِّنْ كُلِّ
جَوْرٍ لَمْ يَرْضَهُ وَلَمْ يُخَالِطْهُ فِعَالُهُ اسم شانزدہم يَا حَنَّانُ أَنْتَ الَّذِيْ وَسِعْتَ
كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا يَا حَنَّانُ اسم ہفدہم يَا مَنَّانُ ذَا الْإِحْسَانِ

تمام کرے اگر اگیلا ہو تو ہر بار تغیر رنگ کرے یعنی خلوت اول مین تمام پوشاک اور مصلا
وغیرہ شنگرفی رنگ لے اور ہر روز تریسٹھہ بار بہ نیت دعوت سات روز پڑھے اول
ہفتے مین علامت ظاہر ہوگی اور آخر ہفتے مین تمام جن فرمان بردار ہونگے اور روبرو حاضر
آوینگے اور عذر کرینگے اور وعدہ صحیح کرینگے لیکن صاحب عمل دعوت مین مشغول رہے اور
اُنسے ہمکلام نہو اور اشارے سے کچھہ نہ کہے آخر الامر جب وہ عاجز ہونگے اُنکو پھر طلب کرکے
اقرار مستحکم کرے کہ جسوقت ہم طلب کرین اُسیوقت حاضر ہو جب اقرار انکا کامل ہو جاوے تو اپنا
عمل کرے مگر اس سر کو کسی سے ہرگز نہ بیان کرے اور طریقہ خلوت دوم کا یہ ہے کہ لباس رنگا رنگ
مع مصلاے رنگین لے اور سات خلوتین کرے اور تلاوت اور قرارت اسماے مذکور کی کرے
ہر ہفتے مین ظہور دوسرا ہوگا اور ہر ہفتہ آخر مین جنس انسانی سے یعنی فرزندان آدم سے
کوئی نظر نہ آوے جب وہ اطاعت مین حاضر ہونگے اور جب اس مرتبے کو پونہچے تو اپنے
آپ کو بچاوے تاکہ برخورداری حاصل ہو اور صحبت دنیا سے احتراز کرے طریقہ خلوت سوم کا
رنگ سبز مع لباس و مصلا سبز ہو اور قرارت اسماے مذکور کی کرے عجائب اور غرائب ظاہر ہو اور
سالک مستقل اور مستحکم ہو کسی طرح کا خیال اور وسوسہ اپنے دل مین نہ لاوے سات ہفتے خلوت
اختیار کرے ہر ہفتے مین طرح طرح کے آثار نظر آوینگے اور شاغل پر ظاہر ہوگا اول ہفتے مین
سالک اپنے حجرے سے تا آسمان اول جائیگا اور جماعتین روحانی کی حاضر ہونگی اور ہاتھہ عامل
کا پکڑ کر ارادہ آسمان پر لیجانے کا کرکے سیر آسمان اول کی دکھلاوینگی اور تمام روحانیان آسمان اول کے
عامل کو آشنا کراوینگی اسی طرح پر آٹھوین آسمان تک تمام روحانیان انبیا اور اولیا کی حاضر ہونگی
اور سب عامل سے پوچھینگی کہ تم کیا حاجت رکھتے ہو اگر کہو تو ہم تمہاری حاجت برلادین
اور یہ بات سب ارواحین آپس مین کہین گی کہ حضرت باری تعالی کی طرف توجہ کرکے اس
امر کو قبول کرالینگے بعد قبولیت کے ہاتھہ پکڑ کر اوپر لوح محفوظ کے لیجائینگی جو کچھہ کہ پوشیدہ ہوگا
وہ سب ظاہر ہو جائیگا مگر عامل کسی کو اس امر سے مطلع نکرے اگر خبر دیگا تو یہ سب مرجاتا رہیگا

وَمَجْدِهٖ یَا مَحْمُوْدُ اسم سی و هفتم یَا کَرِیْمُ الْعَفْوِ وَالْعَدْلِ اَنْتَ الَّذِیْ مَلَأَ کُلَّ
شَیْءٍ عَدْلُهٗ یَا کَرِیْمُ اسم سی و هشتم یَا عَظِیْمُ الْفَاخِرُ ذَا الثَّنَاءِ الْکِبْرِیَاءِ فَلَا یَذِلُّ
عِزُّهٗ یَا عَظِیْمُ اسم سی و نهم یَا عَجِیْبَ الصَّنَائِعِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسُنُ بِکُلِّ اٰلَائِهٖ
وَنَعْمَائِهٖ وَثَنَائِهٖ یَا عَجِیْبُ اسم چہلم یَا قَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الْمُدَانِیْ دُوْنَ کُلِّ شَیْءٍ
قُرْبُهٗ یَا قَرِیْبُ اسم چہل و یکم یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَةٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ
شِدَّةٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَةٍ وَمُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَةٍ یَا رَجَائِیْ حِیْنَ
تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ اَسْأَلُکَ اللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الْاَعَاظِمِ اَنْ
تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَرْزُقَنِیْ اِیْمَانًا وَّاَمَانًا وَّعَافِیَةً مِّنْ عُقُوْبَاتِ
الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَنْ تَحْبِسَ عَنِّیْ اَبْصَارَ الظَّلَمَةِ وَالْمُرِیْدِیْنَ بِیَ السُّوْءَ وَاَنْ
تَصْرِفَ قُلُوْبَهُمْ عَنْ شَرِّ مَا یُضْمِرُوْنَهٗ اِلٰی خَیْرٍ لَّا یَمْلِکُهٗ غَیْرُکَ اَللّٰهُمَّ هٰذَا
الدُّعَاءُ مِنِّیْ وَمِنْکَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا الْجُهْدُ مِنِّیْ وَعَلَیْکَ التُّکْلَانُ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ تمام ہوئے
چہل اسما اگر چاہے کہ تمام جن و انس اور ارواحون کو اپنی تسخیر مین لاوے اور وہ سب
فرمان بردار ہون پس طریقہ ادب سند و دوگانہ کہ پہلے ذکر ہو چکا ہی بشرائط تمام بجا لاوے اور عمل
مین چاہل مشغول ہو اس طریقے سے کہ نصاب مجموع تمام اسمای عظام کا کرے جس طرح پر اسم
اول سبحانک یا غیاثی تک اکتالیس ہزار مرتبہ اسکا نصف زکوۃ اور نصف اسکا عشر
اور نصف اسکا قفل اور نصف اسکا دور مدور یا دو چند نصاب بشرائط مذکور پڑھے اور
بذل و ختم ایسا ہی جو درمیان دعوت حرفی کے ذکر ہو چکا ہی بعد شرائط مین خلوتین مین گوشے
مین بیٹھکے کہ اُس گوشے مین کوئی نہ آوے بلکہ آواز بھی کانون مین نجاوے شہر مین نہو کسی دامن
صحرا مین یا کوہ پر جا کر خلوت مقرر کرے اور جس جگہ ایک خلوت کرے اسی جگہ تین خلوتین

بادشاہ کا غضب شفقت سے بدل جائیگا جسوقت وہ شخص اپنے گھر آوے تو اس نقش کو
سورۂ تبارک مین رکھدے نہایت مجرب ہے اور یہ عمل شیخ علی ہشار علیہ الرحمہ نے واسطے
حسین بیگ کے کیا تھا فضل الٰہی ہوا **فصل ۲** حفاظت قتل مین جس شخص کو غضب سلطانی سے
قتل کا خوف ہو وہ یہ اعداد آیۂ کریمہ کے ۳۴۴۹ نقش مربع ورق طلائی پر لکھے اور ساعت کا
اول بیان ہو چکا ہی اور لکھتے وقت کچھ شیرینی مونہہ مین رکھے اور کچھ تصدق بھی کرے موافق
اپنی مقدرت کے انشاء اللہ تعالیٰ بادشاہ فوراً مہربان ہو جائیگا اور خون سے درگذر یگا اور بہ
لطف سے پیش آویگا اُستادان متأخرین کا بہت آزمودہ ہی چند شخصوں کو گردن مارے جانے
سے بچایا ہی اور حضرت شیخ بہاؤالدین رحمۃ اللہ علیہ نے واسطے آقا عنایت اللہ کے یہ عمل
کیا تھا تا زندگی بادشاہ کے غضب سے امن مین رہا اور اس لوح مین اسرار الٰہی ہی عامل اسکو بہت
عزیز رکھے یہ اسرار مجربہ اُستادان متقدمین اور متأخرین نے جب طلب کیا مجرب پایا ہی اور بالا
قتل اور غضب حکام اور سلاطین سے خلاصی پائی ہے مولانا مرزا جان کو کاشان سے
طلب کرکے بادشاہ نے فرمایا کہ میدان مین لیجا کر پھانسی دیدو یہ لوح مولانا کے پاس تھی تین
بار رسی پھانسی کی ٹوٹ گئی مولانا قہقہہ مار کر ہنسے اور کہا کہ مین جس عمل کو جانتا ہوں اُسے
کوئی نہین جانتا ہی مجکو کوئی نہین مار سکتا سوای خداوند کریم کے یہ خبر مولانا کی بادشاہ کو پہنچی
اور بادشاہ نے مولانا کو طلب فرمایا اور اُنکے خون سے درگذرا اور بادشاہ نے یہ عمل مولانا سے
طلب کیا مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے یہ عمل مع ترکیبات تحریر کرکے بادشاہ کی نظر گذرانا چنانچہ
یہی نقش مربع تھا کہ محمد بیگ کو بادشاہ نے فرمایا کہ میدان مین لیجا کر سر کاٹ لو بموجب حکم بادشاہ
محمد بیگ کو جلاد میدان مین لے گئے اور یہ نقش مرزا کے عمامے مین تھا اور اُنکے گلے پہ جلاد
نے تین بار شمشیر چلائی لیکن کچھ اثر نہوا یہ خبر بادشاہ نے سنی اور مرزا محمد بیگ کو میدان سے طلب فرمایا
اور پوچھا سبب اسکا کیا ہی بیان کرو ہمنے تمہاری جان بخشی کی اور تمہارے خون سے درگذرے مرزا
مذکور نے عرض کی کہ ایک نقش مربع میرے پاس ہی اور سوا مدد پروردگار اور کوئی سبب نہین ہے

فصل ۲ حصول مطلب مین یہ چند قاعدے علم تکسیر کے جاننا لازم ہین تا کہ جلد مراد کو پہنچے اول وقت استخراج عمل کے باطہارت تمام ہوئے اور علم حساب خوب جانتا ہو اور نجوم سے خبر دار ہوئے ساعت سعید اور نحس سے کہ کون کام کس ستارے کی ساعت مین یا کس نظرات مین یا کون طالع بروج مین ہی تو ہرگز خطا نکریگا ہر اسم اور مطلب کے واسطے ہی اگر حصول غنا وغیرہ چاہے تو تمام اسماء الحسنیٰ مین نظر کرے کہ مطلب کس اسم الٰہی سے بر آویگا اگر انعام چاہے تو یا منعم کو استخراج کرے اور اگر بخشش چاہے تو یا وہاب کو استخراج کرے واسطے ہر مطلب کے اُس اسم کی تکسیر کرے مراد بر آویگی اور یہ چند قاعدے چہل اسما کے واسطے شائقین کے لکھے ہین اور یہ طریق مشائخ کے زکوٰۃ دینے کا ہی اور اہل مغرب جو کہ صاحب تکسیر ہین اُنکے واسطے صرف یہ بات کفایت کرتی ہی کہ جب ساعت موافق اُس کام کے آوے اور قلم اُٹھا کے وہ تحریر کر دین جلد وہ مراد حاصل ہوگی باطہارت ہون اور بخور اُسوقت ستارے کا روشن کرین اور اُسکی ترکیب کرین جو کچھ لکھا ہے بہت مجرب اور آزمودہ ہی واللہ اعلم بالصواب

باب اکیسوان غضب بادشاہ سے امن ہونے مین شامل ۱ فصلون پر

فصل ۱ حفاظت غضب سلطانی مین اگر کوئی شخص غضب بادشاہ یا حاکم وقت مین آگیا ہو اور کوئی صورت اُسکے بچاؤ کی نہو اور اُس نے قطع اُمید اپنی زندگی سے کر کے پروردگار عالم کی طرف رجوع کی وہ غفور الرحیم اپنے بندے پر مہربان ہوگا تو اُسکی صورت یہ ہی کہ اس عبارت کے اعداد استخراج کرے وَمِنْ شَرِّ قَضَاءِ السُّوْءِ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَابَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِہَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اور یہ استخراج اُس روز کرے کہ نظر آفتاب اور مریخ سے تثلیث یا تسدیس پر ہو اور قمر نحوست سے پاک ہو اگر روز پنجشنبہ ہو تو بہتر ورنہ کوئی سا روز ہوئے مشتری کی ساعت مین لگے اور بخور روشن کرے اور ایک ورق طلائی لا کے کاغذ پر لگا دے اور اُس کاغذ مذکور پر نقش مربع لکھے اور اعداد اُس عبارت کے یہ ہین ۶۲۲۷ یہ نقش مربع اُس شخص کے پاس پہونچ جاوے انشاء اللہ تعالیٰ

بخور آگ پر روشن کرے اور تقصیر وار کے بازوی جیب پر باندھے انشاء اللہ تعالی وہ خطا سے بعفو و سرفرازی ہوگی اور بادشاہ غضب سے درگذر یگا نہایت مجرب ہی بارہا تجربے مین آیا ہے وہ آیت یہ ہے سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ **فصل ۵** تسخیر سلاطین کے بیان مین واسطے تسخیر سلاطین وغیرہ و شوکت و امارت و حکومت اور عزیز ہونے کے نظر خلائق مین یہ عمل شیخ بونی علیہ الرحمہ کا ہی پہلے اعداد اس اسم کے کہ چہل سماءین سے ایک اسم ہے اور اعداد اپنے اسم اور اسم سلطان کے ان سب اسمون کے اعداد ایک جا کر کے نقش مربع اوپر ورق طلا کے شرف آفتاب مین یا کہ آفتاب برج اسد مین ہوئے اور قمر کی نظر تثلیث یا تسدیس آفتاب سے ہوئے طیار کرے اور مہر کند باوضو ہوئے وہ اسم یہ ہے یَآ اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ اور اعداد اسم کے صحیح یہ ہین ۵۹۳ اور اس عمل کو مولانا عبداللطیف گیلانی نے واسطے مرشد علی قلی خان کے طیار کیا تھا بقوت اس مہر کے بادشاہ نے تمام و کمال اختیار دیا کہ جو کچھ چاہتے تھے کرتے تھے **فصل ۶** تسخیر سلاطین و تالیف قلوب کے بیان مین اگر چاہے کہ تسخیر قلوب پادشاہان و سلاطین زمان و حکام وقت کی کرے کہ بغیر اسکے ایک لحظہ و ایک دم نرہین اور اپنے ہمچشمون مین سب سے بزرگ اور عزت اور حرمت سے رہے تو لازم ہو کہ شرف آفتاب مین یہ اعداد اور سلاطین زمان اور اپنے نام کے اعداد سب کی ایک جمع کرے اور بعد اسکے ایک نقش مسدس لوح طلائی پر لکھے اور بخور روشن کرے مگر جس وقت کہ لوح طیار ہو جاوے اسوقت اس سلطان زمان کی خدمت مین حاضر ہو عجائبات مشاہدہ ہونگے کہ بیان نہین ہو سکتا یہ عمل شیخ ابوعلی نے شیخ یحیی عرب سے حاصل کیا تھا کہ وہ بڑے عالم اور عامل تھے انسے مولانا احمد لاری کو پہنچا تھا یہ عمل الہ وردی خان حضرت شیخ بہاؤ الدین قدس اللہ سرہ العزیز کے پاس لایا تھا اور شیخ صاحب ممدوح واسطے تسخیر قلوب جمیع مخلوقات و سلاطین زمانہ کے شرف آفتاب مین کرتے تھے چنانچہ ایک مرتبہ بادشاہ نے

بادشاہ نے فرمایا کہ ایک نقش مربع میرے واسطے طیار کردو جسوقت وہ مربع طیار کرکے
بادشاہ کی نظر گذرانا بادشاہ نے اپنے عمامے مین رکھا یہ عمل سید حسین اخلاطی کا ہے
بارہا تجربے مین آیا ہی اور ناہلون اور جاہلون اور ظالمون سے مخفی کیا ہی اگر لڑائی مین کوئی شخص
اپنے پاس رکھے اسکا حافظ اور ناصر اللہ تعالیٰ ہوگا جسوقت ساعت سعید اور قمر خالی نحوست
سے ہوئے اسوقت اس مربع کو لکھے اور بخور خوشبو آگ پر جلاوے مجرب ہے **فصل ۳** محفوظ
رہنے غضب سلطانی کے بیان مین جسوقت تحقیق ہو کہ بادشاہ یا سلاطین یا امرانے حکم مارے
جانے فلان شخص کا دیا اسوقت یہ اعداد آیہ کریمہ کے ۱۳۸۲۹ اور اعداد نام اس اہل گرفتہ
کے جمع کرکے نقش مربع ورق طلائی پر طیار کرے اور اس شخص کے پاس پونہچا دے
انشاء اللہ تعالیٰ قتل سے محفوظ رہیگا اور یہ اعداد بہت شخصون سے تلاش کیے لیکن معلوم
نہوا کہ کس آیت یا کون سورہ کے یہ اعداد ہین اور جناب آخون صاحب شاگرد حضرت شیخ بہاؤالدین
رحمۃ اللہ علیہ جسوقت لڑائی پر جاتے تھے تو یہ مربع کاغذ پر لکھکے ہر شخص کو عنایت کرتے
تھے اور شاگرد آخوند صاحب بیان کرتا ہی کہ استاد کی جنب سے یہ تاکید تھی کہ جو شخص غضب سلطانی
مین آجاوے یا تقصیر کی ہو تو یہ نقش مربع اسکو ضرور پونہچا دینا ایک وقت کا یہ تذکرہ ہی کہ شیخ بہاؤالدین
کے پاس مرزا افضل الدین محمد گئے اور کہا کہ میرے بھائی ولی محمد کو بادشاہ نے گردن
مارنے کا حکم دیا ہے اور باہر سے طلب ہو کر آیا ہے اور وہ روز روز شب برات یعنی ۱۴
تاریخ ماہ شعبان سنہ ہجری کی تھی جناب شیخ صاحب نے مربع طیار کر دیا اور ولی محمد خان
کو یہ نقش پونہچا دیا گیا نصف ساعت نہین گذری تھی کہ بادشاہ اسکے خون سے
در گذرا بارہا تجربے مین آیا ہے **فصل ۴** امینی غضب سلطانی کے بیان مین واسطے
امینی غضب سلاطین و حکام وغیرہ سے لوح مربع طیار کرے روز یکشنبہ بساعت اول شمس
وقت سعید اور قمر کی شمس سے نظر تثلیث ہو اور قمر خالی نحوست سے ہو اعداد آیہ کریمہ کے یہ ۱۳۹۰
اور اعداد اس شخص کے نام کے یہ سب ایک جا کرکے مربع طیار کرے چاندی کے ورق پہ نقش

زبان اسکی بند ہو جاویگی اور یہ عمل مجرب ہے مولانا حسین صاحب کا **فصل ۲** زبان بندی مین
اگر چاہے تو کہ زبان کسی بد گو کی باندھے جس وقت کہ نزدل ہو وے یا قمر در عقرب ہو یا غروب
طریقہ ہو وے یا تحت الشعاع ہو وے یا محاق ہو وے تو وہ وقت مجرب ہین اور موثر ہین اور جانب
قبلے کے بیٹھ کر کے لکھے اور تھوڑا موم منہ مین رکھے اور اعداد حروف صامت اور اعداد اسم
مطلوب جتنے شخص ہون ان سبکو جمع کرے اعداد حروف صامت کے ۴۳ ہین اور یہ اعداد آیۂ
کریمہ کے ہین ۲۶۳۴ ان تمام اعداد کو جمع کر کے نقش مثلث کاغذ کبودی پر لکھے اور خانہ تاریک
مین دفن کر کے سنگ گران اسکے اوپر دھرے یہ عمل مجرب مولانا حسین خلاطی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے
اور یہ عمل جاہل و نا اہل سے پوشیدہ رکھے **فصل ۳** زبان بندی کے بیان مین یہ عمل زبان بندی
کا شیخ بہاؤالدین محمد عاملی رحمۃ اللہ علیہ نے واسطے ایک شخص کی محبت کے طیار کیا تھا طریقہ یہ
کہ اول دو صورتین موم کی بناوے اور یہ اعداد نقش [illegible] مین لکھے اور موی تصویر کے منہ مین تعویذ
کو رکھکر خانہ تاریک یا جاہی [illegible] یا مردے کی کھوپری مین رکھے تو وہ شخص فرمانبردار
ہو گا اور تابع حکم رہیگا اور یہ عمل شیخ صفی الدین کاشانی کا ہے اور اس فن کے اکثر بزرگون اور مجتہدون
نے کیا ہے تجربے مین درست آیا اس عمل مین [illegible] ہے ایک وقت مین نواب
قارچقا خان کی لڑکی نجف بیگ نے اپنے بیٹے کے واسطے چاہی اور رقعہ بھیجا مگر لڑکی کے
مان باپ ور کوئی راضی نتھا نجف بیگ نے بادشاہ سے عرض کیا بادشاہ نے فرمایا کہ اگر
مان باپ لڑکی کے راضی نہین ہین تو کسی صورت سے راضی کرنا چاہیے شیخ صفی الدین نے
کہ دربار مین حاضر تھے عرض کیا کہ عمل صورت موم کا [illegible] کے واسطے کفایت کرتا ہے بموجب
حکم بادشاہ کے موم لاکر اس عمل کو بنایا مان اور باپ بلکہ تمام عزیز لڑکی کے راضی ہوئے اور بادشاہ
سے عرض کیا کہ جہان پناہ کو اس لڑکی کا اختیار ہے [illegible] وقت بادشاہ نے مرزا نجف بیگ کو
طلب فرما کر حکم شادی کا دیا اور شیخ بہاؤالدین عاملی نے واسطے ایک شخص کے اس عمل کو کیا تھا
[illegible] راضی ہوا اور حکم قتل کا [illegible] اس عمل کے حکم قتل بادشاہ کی خاطر سے

شیخ صاحب سے فرمایا کہ کوئی امر ایسا ہو جس سے سلطنت کو رونق ہو شیخ صاحب نے یہ نقش اسنہ
مین طیار کرکے پادشاہ کے بازو پر باندھا پہلے فتح طبریہ کی ہوئی اور بعد اسکے روز بروز
جہانگیری اور ترقی دولت و حشمت ہوتی رہی پھر واسطے نواب عالیۃ العالیہ کے طیار کیا انکا
مرتبہ یہ ہوا کہ تمام زمانے مین مشہور ہوئے اعداد جو کہ آیت کے تسخیرات مین ہین انکو ایک جا پر تحریر
کرتا ہون صحت کے ساتھ اعداد آیۂ کریمہ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ تا عَزِيْزٌ ۱۲۳۸ اور اعداد آیۂ کریمہ قَدْ
شَغَفَهَا حُبًّا ۲۸۰۴ اور اعداد آیۂ کریمہ زُيِّنَ لِلنَّاسِ تا آخر ۲۶۲ اور اعداد آیۂ کریمہ
وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ تا آخر ۸۳۸ اعداد آیۂ کریمہ صرف واسطے خواتین معظمہ یا ملوک کے لَقَدْ جَآءَكُمْ
تا عَزِيْزٌ ۹۳۰ اور تمام آیہ جمیع مخلوقات کے لیے تا غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۳۸۹۸ ان مین سے
جس آیت کے اعداد چاہے شرف آفتاب مین لیکر لوح طلائی پر طیار کرے نقش مسدس
مین کہ جسکا بیان ہو چکا اور طریقہ اسکا یہ ہے کہ لوح طلائی طیار کرکے اور ہر کند وضو کرکے پہلے اوپر
بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھے اور حاشیہ پر وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ لکھے

باب بائیسوان طریقون زبان بندی مین شامل ۹ فصلون کے

فصل ۱ بیان زبان بندی بدگویان و حاسدان مین اگر چاہے کہ زبان کسی بدگو کی بند ہو
اور اسکے شر اور فساد سے محفوظ رہے اسکے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نزول ۱۱ اور قمر در عقرب یا تحت
شعاع یا شروع طریقہ ہوئے یا وقت کسوف یا خسوف ہو تو بہت خوب ہے اعداد حروف صامت کے
سے اور اسم طالب و اسم مطلوب کے حرف جدا جدا لکھے اور ایک سطر کرے بعد اسکے تکسیر
مسدس موخر مین گردش دے جس وقت کہ زمام بر آوے تمامی حرف صامت کو مرکب کرکے لکھے
سیسے کی لوح پر اور اعداد استخراج کرکے نقش مثلث مین پر کرے اور گرد مرکب حروف صامت کے لکھے
اور یہ لکھے بستم عقل و ہوش و نطق ظاہری و باطنی پسر یا دختر فلان را در غرض حق فلان بنت
فلان اور اس لوح کو خانۂ تاریک مین دفن کرے اور سنگ گران اوپر لوح مذکور کے رکھے
اور وقت لکھنے نقش کے عامل اپنے مونہہ مین [illegible] رکھے اور کہے کہ زبانش بحکم حق تعالیٰ از بدگوئی بستہ گردد

مه مه مه اد اد اد اد اد اد اد اد اد اد ا یه یه یه یه یه یه
یه یه الا الا الا الا الا الا الا الا المراعه المراعه المراعه
المراعه المراعه المراعه المراعه مالا مالا مالا مالا مالا مالا اهیا اهیا
اهیا اهیا اهیا اهیا اذونی اذونی اذونی اذونی اذونی اذونی اذونی اهیا
اشراهیا اشراهیا اشراهیا اشراهیا اهیا اشراهیا اشراهیا اصباؤت اصباؤت اصباؤت
اصباؤت اصباؤت اصباؤت اصباؤت اصباؤت وبالحق وبالحق انزلنا بالحق
وانزلنا بالحق انزلنا بالحق انزلنا بالحق ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم

باب پچیسواں مقدمہ عداوت اور دشمنی مین علم تکسیر سے شامل ۱۳ فصلوں پر

فصل ۱ عداوت مین واسطے عداوت کے دو شخصون مین نہایت سے بے نظیر ہے جسوقت
ارادہ کرے کہ درمیان دو شخصون کے عداوت ہووے تو اول اسم طالب اور مطلوب مع
مادرین کے لکھے اور حروف ہر اسم کے علیحدہ علیحدہ کرے اور عدد ہر دو اسم کے علیحدہ جمع کرکے
بارہ بروج پر طرح کرے جس برج پر بارہ سے کم رہین اُس برج کو طالع معلوم کرے اور
شروع طرح برج حمل سے کرے جسوقت کہ طالع دونون نامون کے معلوم ہوجائین اُنکو
علیحدہ علیحدہ لکھے اور حروف ہر دو طالع کے علیحدہ لکھے مطابق اُس جدول کے جو پہلے
اس مقدمے مین بیان ہوچکی ہے اور حروف طالع وقت عمل کے لے اور حروف برج آفتاب کے
لے جس برج مین آفتاب وقت عمل کے ہو اور حروف اُس برج کے لے جسمین مریخ ہووے اور
اسم طالب اور مطلوب اور اسم عداوت کی ایک سطر لکھے اور دوسری سطر حروف برجون
کی سے لکھے دونون سطرون کو امتزاج دیکے ایک سطر لکھے اس ایک سطر کو تکسیر صدر مؤخر کرے یعنی
گردش دے تاکہ زمام برآوے سطر زمام کے حروف نورانی علیحدہ اور حروف ظلمانی علیحدہ کرے
اور حروف نورانی کے عدد [illegible] عدد طالب و مطلوب کے اعداد [illegible] ظلمانی پر
زیادہ کرے اور انکا ایک نقش [illegible] جوکہ تمام عدد جمع ہون اسمین [illegible]

فراموش ہوگیا اور بعد چند روز کے اُس شخص کو وزیر اعظم کیا **فصل ۴** زبان بندی محبت کے مقدمے مین آور یہ عمل حضرت شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ اور اخوند ملا حسین نے واسطے مقصود بیگ ناظر کے کیا تھا اس نے اُس بلا سے نجات پائی اور طریقہ اسمین یہ ہے کہ عمل کو ایک پرچہ کاغذ پر لکھے اور گیہون کے آٹے مین لپیٹکر اگر یہ عمل واسطے مرد کے ہو تو خر نر یعنی گدہے کو کھلاوے اور اگر عورت کیلیے ہے تو مادہ خر کو کھلاوے کمال محبت دونون مین ہو جائیگی وہ حرف عمل کے یہ ہین یا منڈیع یا استطیع یا مسطع الغوسمعونی یا ربادہ یا سیداہ یا مولاہ اصباؤت اہیا اشرہیا ہواشی القیوم یا باقی العظمۃ اللہ السلطان یا اللہ اللہ الرفیع الجلالۃ **فصل ۵** بیان محبت عقد اللسان مین ایک روز شیخ صاحب ممدوح نے اخوند کو طلب کیا اور فرمایا آج کے دن ایک شخص کو اپنی محبت مین گرم کرنا چاہیے ایسا کہ بے قرار اور بے آرام ہو جائے جناب اخوند صاحب نے صبح شنبہ یا سہ شنبہ کو مکان خلوت مین جاکر اس عمل کو کیا جس طرح پر شیخ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے واسطے عقد لسان کے کیا تھا اور اخوند صاحب نے تغیر ترکیب کرکے پہلے ایک لوح مسی طیار کروائی اور بعد اسکے یہ نقش لوح مذکور پہ لکھا اور بخور روشن کیا اور گرد اس لوح کے یہ آیت لکھی لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ اور اسم طالب و مطلوب کو بطریق جفر خافی لکھا اور تکسیر صدر مؤخر کی اور اُس تکسیر صدر مؤخر کا فتیلہ طیار کرکے شہد اور روغن گاؤ مین تر کیا اور چراغ مسی مین اخوند صاحب نے روشن کیا ہنوز فتیلے نے روشنی اچھی طرح سے نہ پکڑی تھی کہ وہ شخص خود بخود آکے حاضر ہوا **فصل ۶** زبان بندی کے بیان مین چاہیے کہ یہ ترکیب کرے یعنی کاغذ نقرئی چھپے ہوئے پہ اس آیت کے الفاظ لکھے اور اپنے پاس رکھے وقت قمر در عقرب ہوئے یا شروع طریقہ یا تحت الشعاع یا محاق ہوتے بسم اللہ الرحمن الرحیم مہ مہ مہ مہ

ح م ر ض غ ط ذ ب خ ح ز ب خ ح ا م ز ج ض د غ و ظ ا ن ا ج ب د خ

ذ ب خ کے یعنی اسم طالب اور مطلوب کے حروف کی ایک سطر لکھے اور حروف

طالع طالب برج ثور کے تقسیم ح م ز ا اور حروف طالع مطلوب برج میزان کے حروف

اور آفتاب اور مریخ برج سنبلہ کے حروف انکی ایک سطر لکھے دو سطرون کو امتزاج دیکر

ایک سطر کرے جیسا کہ تکسیر کی ہے اور اعداد تمام تکسیر جمع ۵۳۲۸ حروف ۵۴۴۶ ان سب کے

مع حروف ظلمانی عدد جمع ۴۷۷۰۱ یہ عمل سیف اللہ ہے اور بہت کامل ہے اور نااہل و جاہلوں سے چھپایا جائے

ح	ا	م	م	ن	ح	ص	د	غ	و	ظ	ا	ذ	ج	ب	د	خ	ذ	ب	خ	ک
ک	ح	خ	ا	ب	م	ذ	م	ح	ز	د	ح	ب	ض	ج	د	ذ	غ	ا	و	ظ
ظ	ک	و	ح	ا	خ	غ	ا	ذ	ب	د	م	ج	ذ	ض	م	ب	خ	ح	ز	و
و	ظ	ذ	ک	ح	و	خ	ح	ب	ا	م	خ	ض	غ	ذ	ا	ج	ف	م	ب	د
د	د	ب	ظ	م	ز	ذ	ک	ج	ح	ا	و	ذ	خ	غ	ح	ض	ب	خ	ا	م
م	د	ا	د	خ	ب	ب	ط	ض	م	ح	ز	غ	ذ	خ	ک	ز	ج	و	ح	ا
ا	م	ح	د	و	ا	ج	د	ز	خ	ک	ب	خ	ب	ذ	ظ	غ	ض	ز	م	ح
ح	ا	م	م	ن	ح	ض	د	غ	و	ظ	ا	ذ	ج	ب	د	خ	ذ	ب	خ	ک

رضد عوظ حبد خذ بج **فصل ۲ مریض کرنے دشمن مین** شیخ بہاؤالدین محمد عاملی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے واسطے ہلاک کرنے اور بیمار کرنے دشمن کے بہت مجرب ہے اور ان حروفات کے اعداد لے [illegible] کے اعداد لے اور جمع کرے اور ان اعداد کا مثلث و پرکفن کرے کے [illegible] قبر کے آگے دفن کرے بہت مجرب ہے اور اس عمل کو مولانا حسین نے

نقش یہ ہے

۳۵۸۸	۳۵۹۶	۳۵۹۰
۳۵۹۴	۵۳۴۲	۳۵۸۹
۳۵۹۲	۳۵۸۷	۳۵۹۵

اور باقی کے تین حصے کرے اور ایک حصے سے شروع کرے اور بوقت پانچوین خانے مین
کل میزان اول جمع کی بیچ کے خانے مین لکھے اور بدستور موافق رفتار کے نیل سے لکھے
اور بخور فلفل دراز اور اسپند اور ہینگ جلاوے اور تمام تکسیر کو بغیر حرف نورانی کے تمام
حرف ظلمانی کو مرکب کرکے مثلث کی پشت پر لکھے اور سعرب اور تجم کرکے اور جوا عداد
نقش کے تمام کرے اگر مطابق عداد کل کے کم ہون تو ان چار اسمون سے اعداد زیادہ کر
برابر کرلے وہ چار اسم یہ ہین اجھزط یا قہار یا مذل یا قہاد م ۱۳۹ پارچہ کبودی
پر لکھے اور اس تعویذ کو ہمراہ نمک سیاہ اور کالا دانہ اور ہرتال اور چونے کے لپیٹ کر پیانہ
کی گرہ مین کرکے قبرستان مین کافرون کے دفن کردے اور اس عمل کو ملا الماس نے واسطے
نواب عالیۃ العالیہ کے بادشاہ کی جدائی کے واسطے کیا تھا اور ملا مذکور نے انتقال کیا
مگر درمیان بادشاہ اور نواب عالیہ کے سات برس تک عداوت قائم رہی اور عرصہ سات
سال مین ایک کو دوسرے نے نہ دیکھا اس عمل کا سیف اللہ نام ہوا اور اسیطرح پر ایک شخص
کے واسطے یہ عمل مولانا اسحق نے روز شنبہ کو کیا تھا اور روز جمعہ بعد ۹ ساعت کے
وہ شخص مرگیا اور اس عمل سے مولانا اسحاق نے بہت آدمیون کے خون ناحق کیے بادشاہ نے
مولانا کو طلب فرمایا اور کہا کہ واسطے سلیم خان کے کوئی ایسا عمل کرو کہ اسکے لشکر کو ہزیمت ہو
مولانا نے اس عمل کو طیار کرکے درمیان لشکر کے دفن کروایا بعد چند روز کے سلیم خان کا لشکر
فراری ہوا اور سلیم خان مارا گیا مین یہ عرض کرتا ہون کہ یہ عمل بہت کامل ہے تمام استادان
متقدمین اور متاخرین اس عمل کو کامل بیان فرماتے ہین ایک مثال اسکی دیتا ہون تاکہ
ہر ایک مبتدی کی سمجھ مین آوے مثال اسکی یہ ہے کہ درمیان دو شخصون کے عداوت ہو
نام طالب امجد اور نام مادر مریم اور مطلوب واجد نام مادر چھوٹی اور آفتاب برج سنبلہ مین
اور ستارہ مریخ برج سنبلہ مین ہو تو سطر اول ا م ج د واجد نام طالب طرح ۱۲ بروج کی دی
تو برج ثور ہوا نام مطلوب عداد برج میزان آیا برج آفتاب کا سنبلہ اور برج مریخ سنبلہ ہے

رکھے اور جس طرح کی چاہے صورت قابیل بناوے اور دشمن کو جس عذاب سے چاہے مارے
اور جو حربہ ہاتھہ مین قابیل کے دیگا اوسی حربے سے دشمن ہلاک ہوگا دونون تصویرین
کھڑی مقابلے مین ہوئین اور نام افسر الشیاطین ابلیس کا گرد ونون تصویر کے لکھے اور دونون
تصویرین خانہ تاریک مین یا سرداب میت مین یا جای مسلخ مین دفن کرے تو جلد اثر ہوگا
اور یہ عمل بہت مجرب ہی اور بارہا تجربے مین آیا ہی **فصل ۵** عداوت کے بیان مین عمل مربع
معکوس کا ہی یہ عمل واسطے خرابی ظالم کے کہ جو خلق اللہ پر ظلم کرتا ہو سے لئے یا دشمن کی خرابی
مقصود ہو تو اس مربع معکوس کو طیار کرے پہلے نام اوسکا اور اوسکی مان کا لکھے اور عدد دونون
اسم کے استخراج کرے اور بعد اوسکی عدد مذکور کی ۱۲ و ۱۲ کی طرح کرے بارہ بروج پر اور ابتدا برج
حمل سے کرے جسوقت کہ بارہ سے کم رہین اوسوقت برج معلوم کرے وہ طالع ہی اور اوسکا
ستارہ کونسا ہی اور برج اور ستارے پر ہر سرے حرف سے کون ملائکہ ہین بقاعدۂ ابجد ملائکہ
استخراج کرے اور نام پر ہر سرے حرف سے موکل کو لے اور دوسرا طالع کا موکل لے اور تیسرا
کوکب طالع موکل لے ان موکلون کے اعداد استخراج کرکے جب کہ میزان انکی جمع ہو تو
یہ اعداد اوسپر جمع سے زیادہ کرے ۵۰۴۴۰ اور ۳۰ کی اوسمین سے طرح کرے اور باقی
چار حصے کرے اور پر پوست شیر یا چیتے یا بھیڑیے کے یا شانۂ سگ یا استخوان مردہ کافر کے
سے لکھے یعنی مربع معکوس پر کرے روز یکشنبہ یا سہ شنبہ ہوئے اور قمر در عقرب یا مقابلہ مریخ سے
یا قران ہو یا زحل مقابلہ یا قران یا قمر ہمراہ زنب کے یا محاق مین اور تاریخ ۲۸ ہو یا روز کسوف
یا خسوف یعنی چاندگہن یا سورج گہن ہوئے اور ساعت زحل یا مریخ کی ہو سے لئے
تو چاہیے کہ اس نقش کو پر کرے اور مسجد ویران یا صحرا مین یا قبرستان ہوا اور سر برہنہ ہو کے
اس نقش کو سیاہی سے لکھے اور بخور آتش میں جلاوے یعنی سیاہ دانہ اور ہینگ یا کینچلی سانپ کی یا لو
لہسن یا پیاز اور افیون اور مرچ سرخ جلاوے اور وہ نقش مربع معکوس پر کرے ایک مربع
[illegible] کھٹ کے نیچے دفن کرے اور ایک نقش کو پرانی قبر مین دفن کرے اور بخور

واسطے حاکم یزد کے کیا تھا وہ ۴۵ روز کے عرصے مین مریض ہو کر مر گیا اور عدد مثلث کے
یہ ہین ۱۱۲۲۱ **فصل ۳** مقدمۂ عداوت مین اگر دشمن کو مقہور کرنا چاہے تو روز شنبہ اول
ساعت زحل ہو اور تصویرین طالب اور مطلوب کی اوپر لوح سیسے کے لکھے اور
جس طرح سے ہلاکت دشمن کی منظور ہوئے وہ عذاب اوس تصویر پہ لکھے مثلاً حربۂ شمشیر
یا اور حربون سے یا ہاتی اور گھوڑے سے جیسا منظور ہوئے اور یہ عمل بہت مجرب ہی مولانا
اسحاق نے کتاب صحیفۂ زحل سے اس عمل کو لکھا تھا اور بدبخت مولانا اسحاق نے پسر
قورچی باشی کو کشتہ کیا ایک روز کا ذکر ہی کہ بادشاہ نے مولانا کو طلب کیا اور کہا کہ کوئی عمل
ایسا ہی کہ قلعہ امیر خان ہمارے قبضے مین آجاوے مولانا نے عرض کی کہ ہو سکتا ہی ارشاد ہوا
کہ اول کچھ امتحان ہوئے مولانا نے عرض کی کہ جو حکم ہوئے بادشاہ کو کچھ ملال تھا پسر قورچی باشی
سے مولانا کو اسکی طرف اشارہ کیا اور مولانا نے فوراً یہ عمل طیار کیا ایک صورت موم کی
بنا کر ایک تیر اُس تصویر کے پہلو مین مارا بعد چار روز کے اتفاقاً بادشاہ حرم سرا مین تھے
اور ایک کبوتر صحرائی سامنے آکے بیٹھا بادشاہ نے تیر و کمان فوراً طلب کر کے تیر کبوتر پر
مارا وہ تیر کبوتر سے خطا کر کے پسر قورچی باشی کے پہلو مین ترازو ہوا قانات سے دو سنا
ہو کر پھلکے پار ہو گیا ڈیوڑھی پر تو وہ حاضر رہتا تھا مردم پیادہ اور درباری مین ایک
شور ہوا اور بادشاہ کو عرض یہ پہنچائی بادشاہ فوراً برآمد ہوئے اور فرمایا کہ تیرے واسطے
کسی نے دعای بد کی تھی تیری نجات اس تیر بلا سے نہو گی بادشاہ کو بہت تعجب ہوا
اور مولانا کو بہت کچھ عنایت کیا بعد اسکے یہ عمل واسطے قلعۂ امیر خان کے طیار کیا چنانچہ
۴۳ روز کے عرصے مین قلعۂ امیر خان مفتوح ہو گیا یہ عمل بہت مجرب ہی **فصل ۴** مقدمۂ عداوت
مین اول پسر آدم علیہ السلام نے خون کیا ہی نام قابیل تھا برادر اپنے کو کہ نام ہابیل تھا مارا
اول چاہیے کہ نام دشمن کا لکھے اور اعداد اُسکے جمل کبیر ابجد سے استخراج کرے اور یہ
اعداد ۱۶۶ دشمن کے اعداد پر زیادہ کرے اور نقش مثلث پر کرے اور شکم مین صورت ہابیل کی

قتلهم ولکن الله قتل اسکے اعداد اور سورہ و اسم کے اعداد جمع کرکے نقش مثلث مین
پر کرے اور ایک نقش اسکے گھر کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے اور ایک نقش مثلث
راہ گذر مین دفن کرے جاہ و منصب دشمن کا تاراج ہو جاوے یہ عمل مجرب ہے **فصل ۹** عداوت
مین سورہ والعصر کے اعداد استخراج کرکے اور دونون شخصون کے نام مع مادرون کے اعداد
جمع کرکے نقش مثلث کو پر کرے اور پانی مین دھوکے مطلوب کو پلاوے طالب کا
مطلوب سے دل سرد ہو جائیگا مجرب ہے اور اگر چاہے کہ کسی پہلوان سے لڑے اور
حریف پر غالب ہووے اور اوپر زمین کے چت مارے اول یہ کہ اسم اس حریف کا اعداد اسم اپنا
یا اپنی طرف کے پہلوان کا ان اسماکے اعداد اور اس آیہ کریمہ کے اعداد جمع کرکے نقش مثلث
پر کرے اور یہ مثلث جس جگہ کشتی ہو وہان دفن کرو سے انشاء اللہ تعالی مدعی پر غالب ہوگا
اعداد آیہ کریمہ یہ ہین ۳۴۹۴ اور وہ آیہ کریمہ یہ ہے یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ فَمَنْ نَّكَثَ
فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰی نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰی بِمَا عٰهَدَ عَلَیْهُ اللّٰهَ فَسَیُؤْتِیْهِ اَجْرًا عَظِیْمًا
فصل ۱۰ ہلاکت اعدا مین اعداد سورہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ اور سورہ اَلَمْ تَرَ كَیْفَ
اور اعداد اس آیہ کریمہ کے فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا اور اعداد نام دشمن کے مثلا سورہ اذا زلزلت
۱۷۵۰ اور رسالہ دیگر مین ۱۷۳۲۰ اسکو مثلث مین اوپر کفن مردے کے لکھے اور درمیان
قبر شہید کے یا جو تلوار سے مارا گیا ہو اسکی قبر مین دفن کرے اور دور اس مثلث کے ہذا
شکل مثلث ہاروت ماروت ان الشیطان لوقع بینهم القتل والموت وَاَلْقَیْنَا
بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ البغض فی من الاثنین روز شنبہ بساعت
مریخ و قمر لکھے اور سرکہ اور نوشادر مین دھوکے خانۂ مطلوب مین ڈالدے مجرب ہے
فصل ۱۱ ہلاکت اعدا مین اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ یَعْقُوْبَ الْمَوْتُ اِذْ قَالَ لِبَنِیْهِ
مَا تَعْبُدُوْنَ چاہیے کہ بیچ ساعت نحس کے گیہون کے آٹے خمیری سے صورت اس شخص کی
طیار کرکے پارچہ کفن مین لپیٹے اور اس صورت پر نماز جنازہ پڑھے اور اس لوح کو اس صورت کے

جلا دے اور اُسوقت یہ کہے کہ تو سوختہ کام میرا کردے تو مین تیری قبر پر پھولونکی چادر
چڑھا دونگا اور حلوے پر تیری نیاز کرونگا اور ختم قرآن کرونگا اور روشنی چراغ کی کرونگا
یہ کہکے ایک مشت خاک اُس قبر سے اُٹھا لے اور لا کے خانۂ دشمن مین ڈالدے
انشاء اللہ تعالی خانۂ دشمن خراب اور ویران ہو جائیگا اور تاراج ہوگا اور دو شخصون
مطلوب مین مفارقت ہو جائیگی یہ عمل نہایت مجرب ہی خاکہ زفتار نقش معکوس کا یہ ہے

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

فصل ۹ جدائی اور عداوت درمیان دو شخصون کے
پہلے اُن دو شخصون کے نام مع مادر کے لکھے
اور اس آیۃ کے اعداد وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ
وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ اعداد اس آیۃ کے یہ ہوئے ۳۲۹۳ جسوقت ساعت
منحوس قمر زحل سے یا مریخ سے مقابلہ ہوئے یا جو کچھ شرائط مربع معکوس مین بیان
کیے ہین وہ ہون تو بخور روشن کرکے تثلیث ہندی کو پر کرکے ایک آستانۂ
مطلوب کے نیچے دفن کرے اور ایک مثلث پانی مین دھو کے مطلوب کے دروازے
پر چھڑکدے تفرقہ اور جنگ شدت سے دونون مین ہوگی **فصل** جدائی مین اعداد
نام مطلوب مع مادر جمع کرکے اعداد اس آیۂ کریمہ کے اُسپر زیادہ کرے ۱۰۴۵۱ آیت یہ ہی
اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ نقش مثلث کو لکھے
اور جای نشست مطلوب مین دفن کردے اُلفت منقطع ہوگی اور دل ایک کا دوسرے
سے سرد ہو جائیگا اور دوسری ترکیب یہ ہی کہ اعداد سورۂ نوح کے ۱۰۵۴ مثلث مین پر کرے
یا اعداد سورۂ فیل کے عمل مین لاوے اور مثلث ہندی مین پر کرے جسوقت کہ قمر در عقرب
ہو لکھے اور خوابگاہ مین دفن کرے بہت تاثیر ہوگی **فصل ۸** عداوت مین جسوقت
آفتاب برج میزان کے ۱۸ یا ۱۹ درجے پر ہو یا نیرین بدحال ہون اور دو شخصون کا نام
مع مادر اور اعداد اس آیہ کے مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ رَمٰی قلب القتلوا

ولی پیمانہ مین کھدے اور دریا کنارے دفن کردے چند روز مین ہلاکت اُس دشمن کی
ہوگی یہ عمل بھی کتاب مجموعہ قرعہ کا ہی چنانچہ شیخ جبرئیل نے واسطے حسن بادشاہ کے کیا تھا
اور اُسکو تخت شاہی کا مالک تھوری مدت مین کرادیا **فصل ۱۲ ہلاکت دشمن اور جدائی**
مین اگر چاہے کہ درمیان دو شخص کے جدائی اور عداوت ہوئے پہلے دو اسم لکھے طالب
اور مطلوب کے اور ایک اسم جلالی اسماء الحسنیٰ سے اِن تینون اسماکے حروف جدا جدا لکھے اور بعد
اسکے ایک سطر لکھے یعنی پہلے ایک جدول کھینچے مطابق شمار حروف کے بعد اُسکے سطر مذکور خانۂ
جدول مین لکھے اور پھر صدر موخر کرے مگر یہ تکسیر واسطے عداوت کے ہے حرف
اول بجای قطب کے قائم رہتا ہے اور تمام سطرون مین وُہی حرف اول کا قطب رہا
کرتا ہے اِس طرح پر گردش دے اور جسوقت اسکا زمام بر آوے اور سطر اول مین جو
حرف اول ہی وہی تمام سطرون مین اول رہیگا جب تک زمام برآوے جدول یہ ہی

و	ل	ی	د	ق	ا	ب	ض	ی	ز	ی	د
و	د	ل	ی	ی	ز	د	ی	ق	ض	ا	ب
و	ب	د	ا	ل	ض	ی	ق	ی	ی	ز	د
و	د	ب	ز	د	ی	ا	ی	ل	ق	ی	ض
و	ض	د	ی	ب	ق	ز	ل	د	ی	ی	ا
و	ا	ض	ی	د	ی	ی	د	ب	ل	ق	ز
و	ز	ا	ق	ی	ل	ی	ب	د	د	ی	ض
و	ض	سا	ی	ا	د	ق	د	ی	ب	ل	ی
و	ی	ض	ل	ز	ب	ی	ی	ا	د	د	ق
و	ق	ی	د	ض	د	ل	ا	ر	ی	ب	ی
و	ی	ق	ب	ی	ی	د	ذ	ض	ا	د	ل
و	ل	ی	د	ق	ا	ب	ض	ی	ز	ی	د

اس تکسیر کو ساعت وقت منحوس مین ۲۸ تاریخ کو یا قمر در عقرب ہو یا مقابلہ مریخ اور قمر سے ہو یا
زحل سے ہو یا قمر ہمراہ راس یا ذنب کے ہو یا اُس دن کہ چاند گہن یا سورج گہن ہوئے تو اِس

پیٹ مین رکھدے اور درمیان دو قبر کے سجہ بنا کے مثل مردون کے دفن کردے عجائب دیکھے
۸ یا ۹ روز کے بعد وہ شخص قبر مین دفن ہوگا اور عدد آیۂ کریمہ کے یہ ہین ۸۱۲۴۸ اور اس عمل کو
واسطے ایک شخص کے کیا تہا چار روز کے عرصے مین مرگیا اور جو شخص اس عمل کو کرے وہ ناسر
تا پا برہنہ ہو اور پشت طرف مغرب کے کرے اور سکر بلد وز سے مدد مانگے اور اس فن کے
اوستادان سابق نے نام اوس شخص کا پشت پر تثلیث کے محاذی لکھا ہی اور عدد تثلیث یا قاہر ذو البطش
الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ اور یہ عدد صحیح ہین ۳۶۳۸ اور دوسری
ترکیب یہ ہی کہ ساعت نحس مین یہ مثلث اوپر خشت حمام کے لکھے اور دریا مین ڈالدے نہایت
مجرب ہی اور یہ عمل واسطے اخوندگار روم کے کیا تہا چالیس روز مین مردہ ہوگیا اس عمل کو
جاہل اور نادان اور نا اہل سے مخفی کیا ہی اور اعداد مثلث اسم مذکور کے یہ ہین ۳۶۳۸ اسی
اسم کی دوسری ترکیب اگر کسی کو چاہے کہ مرتبے سے گرادے لکھے اس عدد کو اس شخص کے
اسم کے ہمراہ اور جو کہ اعداد اسم کے ہین اونکو اضافہ کرے اگر ہلاکت اوسکی منظور ہی تو روز سہ شنبہ مقابلہ
مریخ ہمراہ قمر کے اوپر کفن مردے کے سرکہ اور نمک اور نوشادر اور سیاہی آمیز کر کے لکھے اور
وقت شروع نقش کے ایک بار آیۃ الکرسی پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے تاکہ اوسکی نحوست سے
محفوظ رہے یہ عمل سیف قاتل ہی پہلے جس طرح پر کہ بیان کیا ہی یہ بھی اوسی طرح پر ہی اور جس طرح پر
عذاب مطلوب پر کرنا چاہے اوس طرح پر عمل کرے اور اعداد سورہ الم ترکیف کے مثلث مین
پر کرے اور صورت پر دم کرے جب أرسل علیہم طیرا ابابیل ترمیہم کو پہونچے کہے
شاہت الوجوہ شاہت الوجوہ اشارہ بالتصور کرے اور دعای علوی مصری کو واسطے
قتل موذی کے چالیس بار پڑھے بہت مجرب ہی **فصل ۱۲** ہلاکت دشمن مین واسطے ہلاکت
دشمن کے بہت مجرب ہی جسوقت کہ قمر برج عقرب مین آوے اوسی ساعت مین عدد نام اوس
شخص دشمن کے اور عدد ہاروت اور ماروت کے چنانچہ ۶۳۳ یہ جمع کر کے مثلث مین
لکھے اور پارچہ کبودی لپیٹ کر قلعی چونا اور نمک ہمراہ مثلث کے لپیٹ کے درمیان ایک

فصل اشکال مثلث کے بھرنے کے بیان مین نقش پر کرنے کے تکسیر کے قاعدے بیان کرتا ہون معلوم ہو کہ ہر ایک جار نقش مثلث ہو خواہ مربع پر کرنا ضرور ہوتا ہے پہلے یہ چاہیے کہ عدد جمع تکسیر مین خواہ طالب مطلوب ہون خواہ فتیلہ یا کوئی نقش کسی ستارے سے منسوب ہو تو اُسکا معلوم کرنا لازم اور واجب ہے مثلاً قاعدہ نقش مثلث پر مثال دیتا ہون اول معلوم کرنا چاہیے کہ نقش مثلث کے کتنے اعداد ہوتے ہین اور کتنے اعداد کی طرح ہے اور کتنے اعداد مثلث شمار مین ہین اول شمار کیا کہ خانے مثلث کے کتنے ہین پس شمار کیا تو ۹ خانے مثلث مین ہین ایک پٹی مین ۳ خانے تو ۹ ہوئے اور ایک کو اسمین سے کم کیا باقی ۸ رہے اور ۸ کو نصف کیا تو ۴ ہوئے اور مثلث کی ایک پٹی کے تین خانے ہین تو ۴ کو تین مین ضرب کیا تین چوک ۱۲ ہوئے معلوم ہوا کہ ۱۲ اعدد کی مثلث مین طرح ہے پس معلوم کیا بارہ عدد طرح مثلث کے ہین اور ۹ خانے مثلث کے ہین اور ایک اسمین زیادہ کیا تو ۱۰ ہوئے اور اسکو نصف کیا تو ۵ ہوئے اور ایک پٹی مثلث کی تین خانے کی ہے تین کو پانچ مین ضرب کیا تو ۱۵ ہوئے معلوم ہوا کہ ۱۵ اعدد اندر مثلث کے آتے ہین پس اس طرح پر مربع اور مخمس و مسدس اور مسبع و مثمن یا بست در بست یا پچاس در پچاس خانہ پُر کرے پہلے طرح ہر ایک کی دریافت کرے اگر نقش مثلث ہو تو ۱۲ کی طرح دے اور باقی اعداد کے تین حصے کرے ایک حصہ خانہ اول مین رکھے اور بعد اسکے ایک ایک عدد زیادہ کرتا چلا جاوے اگر چاہے کہ نقش مربع کو پر کرے تو اول معلوم کرے کہ نقش مربع کی کیا طرح جاتی ہے اول خانے مربع کے شمار کرے تو ۱۶ خانے ہوئے اور چار پٹی اور ایک پٹی چار خانے کی ہوئی اول طرح معلوم کرے یعنی ۱۶ خانے مین سے ایک عدد کم کیا تو ۱۵ باقی رہے اور اسکو نصف کیا تو ساڑھے سات ہوئے اسکو اوپر ایک پٹی کے ضرب کیا یعنی چار کو ساڑھے سات مین ضرب کیا تو ۳۰ ہوئے معلوم ہوا کہ ۳۰ طرح مربع مین ہے جاتی ہے اور باقی اعداد کے چار حصے کیے ایک حصہ خانہ اول مین لکھا اور مثال مثلث کی تقسیم چار عناصر کی

تکسیر کے دو تعویذ بنا کر ایک خوابگاہ مطلوب مین دفن کرے اور ایک راہ گذر مین دفن کرے
اور اگر قصد کلی ہو تو اس تکسیر کا فتیلہ طیار کر کے چراغ مین جلاوے عداوت اور مفارقت
ظاہر ہو گی مجرب ہی بارہا تجربہ کیا ہی اور اس عزیمت کو پڑھے عزمت علیکم یا جبرائیل یا میکائیل
یا اسرافیل یا عزرائیل بان تلقوا و تفرقوا مین فلان بن فلان عداوت و بغض و تفریق
لم تجمعہا بحق قولہ تعالی وَاَلْقَیْنَا بَیْنَہُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَسَوْفَ
ینبئہم اللہ بما کانوا یفسقون انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون

فصل ۱۴

مرد کے بستہ کرنے مین مرد بستہ یعنی شہوت اُسکی بستہ ہو جائے ایک مرد ایسا ہی کہ بازاری
عورات مین خراب ہی اور اپنے گھر کی عورت سے رغبت نہین ہی تو وہ عورت یہ کرے کہ پارچہ
اُس مرد کا پسینہ لگا ہوا لے اور لاکھ سرخ مین رنگ کر اور اُس پارچے کے آب منی اُس
مرد کا آلودہ کر کے سائے مین خشک کرے اور جسوقت کہ زہرہ اپنے برج مین ہو یا ثور
مین ہو یا میزان مین ہو اور زہرہ ہمراہ قمر کے نظر محبت رکھتا ہو اُسوقت عدد نام اُس مرد کے
اور اُسکی ماں کے استخراج کرے اور ان مین اسمای الٰہی یا مُذِلُّ یا مُھَیْمِنُ یا قَابِضُ یعنی ۱۴۷۰
ہمراہ نام مرد کو زعفران سے مثلث ہندسی مین پر کرے اور ایک مٹی کی ہانڈی تنگ منہ
کی لیکر اُسمین نقش مثلث کو رکھے اور اُسکو اپنے گھر مین جای نمناک مین دفن کرے اور
سنگ گران اُسپر رکھے اور دوسرا مثلث اُس شخص کی گذرگاہ مین دفن کرے تو شہوت اُسکی
باہر سے بند ہو جاویگی یعنی گھر کی عورت کے سوا اور کسی غیر عورت پر قادر نہو گا جبتک عورت گھر کی نکھولیگی
وہ مرد نہ کھلیگا اور واسطے اسی امر کے دو نقش اور ہین انکو بھی مثل مثلث کے پر کرے سریع التاثیر ہین

	۱	
۸ ز	۵	۳
	۹	

ب	ط	د
ز	۲	ج
و	۱	ح

نقش مثلث ہندسی

		۵		
	۶	۱	۸	
۴	۳	۹	۱۱	۲

باب چوبیسوان قواعد بھرنے نقوش مین شامل ۱۳ فصلون پر

۳ یا جطططهائیل ۴ یا دطططهائیل ۵ یا هطططهائیل ۶ یا وطططهائیل ۷ یا زطططهائیل ۸ یا حطططهائیل ۹ یا طططططهائیل پس اہل تکسیر کہتے ہین کہ شکل مثلث مشترک ہے بیان جلالی اور جمالی کے اور بعض استاد کہتے ہین ہر چار گوشہ عدد حروف پر اسم بدوح واقع ہوا ہے مثلث کے اطراف معلوم کرنا دائرہ سے کہ زیج یا فور غفار مثلث کے واسطے یہ آیا ہے دو اسپ رخ دو فرزین یا زیج گیر دو اسپ اور نقش مثلث کا پر کرنا دو وجہ کے ہے اول وجہ طبیعی مشہور ہے یعنی وقف ہونا مثلاً ۱۲ عدد کو ۱۲ کی طرح دی اور باقی ۹ عدد رہے اسکے تین حصے کیے اور ایک حصہ ۳ کا ہوا اگر ۱۵ عدد ہین تو ۱۲ طرح ۳ باقی ایک حصے مین اندر مثلث کے لکھے

٦	١١	٤
٥	٧	٩
١٠	٣	٨

اور اگر ۱۶ عدد جمع ہین تو ایک عدد حصے سے زیادہ ہوا تو ساتوین خانے مین ایک عدد زیادہ کیا اور اگر دو عدد حصے سے زیادہ ہون تو چوتھے خانے مین ایک زیادہ

٦	١	٨
٣	٥	٧
٤	٩	

کیا نقش [illegible] پس مثلث کی نہین ہوتی یعنی ایک زیادہ کرنا یا کم کرنا مثلث کو بلا کسر [illegible] ہے اور جو کچھ میزان عدد ہوئے اسمین سے ۱۲ کم کیے اور باقی [illegible] ایک کو اول خانے مین پر کیا تو مثلث پورا ہوا خواص اول مثلث طبیعی [illegible] ساعت زحل یا مریخ مین اور قمر ہبوط مین ہوئے بنام دوکس اور چیز استخوان [illegible] لکھے اور پرانے مین نیچے اینٹ کے دفن کرے جسوقت گرم ہوا ویرانی [illegible] کے جدائی ہوئے خواص دوم مثلث طبیعی کو شرف قمر مین مشک و زعفران ساعت قمر مین لکھے اوپر کاغذ یا پوست آہو کے اور زیر نگینہ انگشتری کے رکھے

۴	۹	۲	۶	۷	۲	۳	۸	۷	۸	۱	۶
۳	۵	۷	۱	۵	۹	۱۰	۶	۲	۳	۵	۷
۸	۱	۶	۸	۳	۴	۵	۴	۹	۴	۹	۲
یہ نقش خاکی ہے طرف جنوب کے			یہ نقش آبی ہے طرف شمال کے			یہ نقش بادی ہے طرف مغرب کے			یہ نقش آتشی ہے طرف مشرق کے		

خواص مثلث یعنی سه در سه یہ شکل ستارہ قمر سے منسوب ہے اور برج اسکا سرطان ہے اور
فلک اول ور اسم ام البشر یعنی حوا رضی اللہ عنہا استخراج ہوا ہے واور عدد اسکے ۱۵
ہین پس وفق مثلث ۱۵ ہی استخراج ہوا اور مثلث کے تین ضلع ہین اور ۱۵ اعداد اندر تین
ضلعون کے ضرب کیے تو اسم ابا المسلمین ادم علیہم السلام کے اعداد حاصل ہوئے اور
عدد اسم لوط پیغمبر علیہ السلام اور اعداد کوکب زحل کے برابر ہین اور ہر ایک ۴۵ ہوئے اور
ہر شکل اطراف سے متوسط پر کرے اور ہر ایک طرف کے خواص علیحدہ بیان ہین چنانچہ شرقی و
غربی و شمالی و جنوبی اور شرقی مزاج آتشی ہے واسطے ہلاک کرنے کسی کے اور بیمار ڈالنے
کسی کے اور تفرقہ اور ہلاک ہونا اعدا کا اور جنوبی مزاج خاکی ہے واسطے عقد لسان یعنی زبان بندی
کے اور خواب باندھنے کے اور باندھنے مرد اور عورت کی شہوت کے اور سحر و جادو کی شناخت
کے اور شمالی مزاج آبی ہے واسطے شفاے بیماران اور خلاصی حاملہ اور خلاصی محبوس کے اور
درد زہ کے اور قضای حاجات کے اور اس فن کے حکمانے وفق شکل مثلث طبعی مثلث
کو نو اسم جمالی اور بزبان عربی کے بطرح نو اور نو کے استخراج کیا ہے چنانچہ یا اللہ یا
باعث یا جامع یا دائم یا ھادی یا وارث یا زکی یا حمید یا ظاہر اور اسمای
ملائکہ بھی استخراج کیے ہین جس وقت کہ نقش مثلث کو پر کرے تو ہر ایک خانے کے مؤکل کو دریافت
کرے نام ملائکہ ہر خانے کے یہ ہین خانۂ اول پر کرے تو یا اطططھائیل ۲ یا لططھائیل

خواص نوان جب قمر اول درجہ منزل جبہہ پر ہوئے یا سعود ہو اور قمر نحوست سے دور ہوئے مثلث طبعی کو اوپر پارچہ چرم خروس کے لکھے اور اوپر ران راست قاصد کے باندھے راہ چلنے مین درد سند نہوگا اور اسمای اصحاب کہف بھی لکھے اور ران راست پر قاصد کے باندھے تو جلد راہ کو قطع کریگا اور اگر قمر منزل زبانا پر یا سعید السعود پر ہو یا منزل رشا پر ہو اور نام اُن دو شخصون کا مثلث مین لکھے اُن دو اسمون مین تفرقہ اور جدائی ہوئے اور اگر آوارگی اور خرابی دشمن کے واسطے لکھے تو دشمن خراب اور ذلیل ہوگا مگر یہ وقت ہو تو اثر ہوگا ورنہ کچھ نہوگا وہ وقت یہ ہین قمر ہمراہ ذنب کے خواہ راس کے ہوئے یا زحل سے یا مریخ سے نظر عداوت کی یا مقابلہ یا مقارنہ یا تربیع ہوئے اور طالع وقت عقرب یا جدی خواہ دلو مین ہوئے اور قلم شکستہ ہوئے اور برکفن مردہ کافر کے لکھے سیاہی اور ہجی اور سر کے سے اور زیر آستان اُس شخص کے دفن کرے نزاع اور تفرقہ پیدا ہوئے اور خانہ بربادی اور ویرانی ایسی ہوئے کہ پھر صورت آبادی کی نہوا اور دشمن انواع مصیبت مین گرفتار ہوجاوے مگر یہ عمل ہرگز کسی پر نہ کرے اگر کریگا تو آخرت مین کرنے والا خرابی اور پریشانی مین پڑیگا خواص دسوان اگر شرف عطارد مین اور ساعت عطارد ہو مثلث طبعی کو لکھے اور نگینہ انگشتری کے نیچے رکھے اور دست راست مین پہنے اور ہر روزہ شربت مصری یا قند مین پلاوے بوقت فجر کے نہار منہہ تو حافظہ اور طبیعہ [illegible] ہو اور غفلت اور فراموشی دل سے زائل ہوئے خواص گیارہ [illegible] اور ساعت مشتری یا زہرہ مین چار مثلث اور سفال آب نارسید [illegible] کوشون زراعت مین دفن کرے یا باغ یا بستان ہو تو ہر آفت [illegible] محفوظ رہیگا خواص بارھوان اگر شرف قمر روز سعید مین ہو تو مثلث [illegible] لگاوے آتش زدگی اور پانی مین غرق ہونے اور کرم اور چوہ [illegible] محفوظ رہیگا خواص تیرھوان اگر ساعت عطارد مین اور روز سعید

اور انگشتری نقرہ کی ہووے اپنے ہاتھ مین رکھے اگر کوئی دشمن قصد دشمنی کا کرے تو صاحب
انگشتری پر غالب نہو گا اور تمام خلائق مطیع ہووے اور نظر مین خلق اللہ کے مقبول القول
ہووے خواص تیسرا مثلث طبعی کا ساعت شمس یا مشتری یا شرف قمر مین لکھے اور پاس اپنے
رکھے اور آگے حاکم کے جاوے فوراً دیکھنے سے مہربان ہو جاوے اگرچہ خون ناحق بھی کیا ہو
خواص چوتھا مثلث طبعی کو ساعت عطارد یا شرف قمر مین اوپر لوح نقرہ کے لکھے اور
وہ لوح لڑکے کے گلے مین ڈالدے بدخوئی اور گریہ اور خوف اور بدخوابی زائل
ہو جاویگی خواص پانچوان مثلث طبعی کا اوپر زمین یا اوپر تختے کے نقش کرکے محو
کردے تین ہزار ہر روز لکھے تو عجائبات دیکھے اگر بنام محبوس لکھے تو محبوس خلاصی پاوے
اگر کہین آگ لگی ہو تو ٹھیکر یا سفال آب نارسیدہ پر لکھے اور آگ مین پھینک دے تو
آگ سرد ہو جاویگی خواص چھٹا مثلث کا مثلث طبعی کو شرف قمر مین لکھے روز دوشنبہ
اول ساعت قمر ہووے اور انگشتری چاندی کی ہو اور نگینہ بھی چاندی کا ہووے اوسپر
کندہ کرے واسطے مجنون اور محزون اور مصروع کے تو نجات پاوے اور خواص اسمای
اصحاب کہف ان مرضون کے واسطے اثر بخشتے ہین اگر محبوس اپنے پاس رکھے تو قید سے
خلاصی پاوے خواص ساتوان جسوقت کہ آفتاب برج قوس مین ہووے اور قمر زائد النور
ہو برج اسد یا حمل مین اور پاک نحوست سے تو مثلث کو لکھے اور نیچے چوکھٹ زندان کے
دفن کرے حکم رب العالمین سے تمام قیدی خلاص ہو جاوین خواص آٹھوان مثلث
طبعی کا اوپر کاغذ سفید کے لکھے اور پانی مین دھو کر پلاوے عورت حاملہ کو اگرچہ بچہ شکم
مین مرگیا ہو تو مردہ شکم سے باہر آویگا اور اگر مثلث کو لکھے اور مثل تعویذ لپیٹ کر اوپر ران
چپ صاحب دروزہ کے باندھے فوراً دردزہ سے خلاص ہو اگر اسمای اصحاب کہف صاحب
دردزہ کے باندھے تو جلد دردزہ سے خلاص ہو اسمای اصحاب کہف یہ ہین یملیخا مکسلمینا
کشفوطط تبیونس ادرقطیونس کبشاقطیونس یوانس کلبہ قطمیر

زیادہ ہو تو خانہ ۱۳ مین ایک زیادہ کرے برابر ہوگا مثال اسکی یہ ہے نقش مربع کی میزان
طرح ۳۴ اور باقی ۳۵۳ اور حصہ ۸۸ اور کسر ۱ اور وجہ تیسری یہ ہے جو کہ میزان جمع ہوئے ۳۸۶
اُسمین سے ۲۱ عدد کم کرے اور باقی کو اپنے دل مین یاد رکھے اور اسکو ۱۳ خانے مین لکھے اور خانۂ اول ایک سے شروع کرے ایک ایک عدد زیادہ کرتا چلا جاوے جسوقت کہ تیرھوان خانہ آوے جو دل مین یاد ہے وہ رقم لکھے پورا ہوگا مثال اسکی

۷۸۶

۹۶	۹۹	۱۰۳	۸۹
۱۰۲	۹۰	۹۵	۱۰۰
۹۱	۱۰۵	۹۷	۹۴
۹۸	۹۳	۹۲	۱۰۴

میزان جمع ۱۰۰ عدد طرح ۲۱ باقی ۷۹ اور ایک عدد سے اس نقش کو شروع کیا وجہ چوتھی کا یہ بیان ہے جو کہ میزان عدد کی ہوئے اسکو نصف کرے اور ایک نصف مین سے ۸ عدد کی طرح کی اور دل مین یاد رکھے اور پہلا خانہ مربع کا ایک عدد سے شروع کرے اور ایک اور ایک زیادہ کرتا جاوے ۸ خانے تک اور خانۂ نہم مین جو کہ دل مین یاد رکھا ہے وہ لکھے اور اس جاسے ایک عدد مطابق رفتار کے زیادہ کرتا چلا جاوے تمام نقش پورا ہو جاویگا مثال میزان کل کی ۱۰۰ عدد ہین

۸	۱۱	۸۰	۱
۷۹	۲	۷	۱۲
۳	۸۲	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۱

اور اسکو نصف کیا تو پچاس ہوئے اور ۵۰ مین سے ۸ عدد کم کیے تو باقی ۴۲ عدد رہے اور خانۂ اول کو ایک عدد سے شروع کیا ۸ خانے تک ایک ایک زیادہ کیا اور خانۂ ۹ مین جو دل مین تھا یعنی ۴۲ عدد لکھے اور پھر بموجب رفتار کے

۸	۴۴	۴۷	۱
۴۶	۲	۷	۴۵
۳	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۴	۴۸

ایک اور ایک زیادہ کرتا چلا جاوے تاکہ ۱۶ خانے پر نقش تمام ہو جب سب طرح سے شمار کیا تو پورا ہوا اور وجہ پانچوین جو یہ ہے کہ میزان ہو اُسکو نصف کرے اور نصف سے ایک عدد کم کرے اور باقی اُسکو دل مین رکھے اور خانۂ ۱۶ سے شروع اور ۸ خانے تک ایک عدد کم کرتا چلا جاوے تو برابر ہو جاویگا مثال اسکی ۱۲ مثلاً میزان [illegible] کیا ۱۱۲ اور ایک عدد کو طرح کیا تو باقی ۱۱۱ رہے

لکھے اور بجاے سہ ہندسہ قلب مثلث مین نام گریختہ کا لکھے اور زیر سنگ گران رکھدے
یا درمیان حقے کے رکھے اور موہنہ اسکا مستحکم کرکے جاہی تاریک مین رکھدے تو گریختہ جلد
گرفتار ہوکر آویگا ایضاً دعوت مثلث کی جسوقت غرہ روز یکشنبہ کا ہو دعوت شروع کرے اول
غسل کرے اور ہر روز روزہ رکھے اور گوشہ تنہائی ہوئے اور ترک حیوانی اور جلالی کرے
اور مکروہات دنیوی سے دور رہے اول روز استغفار مین مشغول رہے روز دوم تا سوم سورہ
اخلاص اور روز چہارم بعد نماز فجر کے دوہزار چارسو پینتالیس بار یہ کہے یا موکلان منسوب
حروف قبول کرو یا اسرافیل یا الططہال تمام موکلان مثلث کے جو پہلے مذکور ہو چکے مین پڑہے
اجیبونی واطیعونی بامر اللہ تعالیٰ یا اصحاب الارواح بعد اسکے پانچ مثلث
لکھے اور بخور روشن کرے جب تک کہ پڑھنے سے فراغت پاوے جب پینتالیس روز
تمام ہون تو ملیدے کے پینتالیس لڈو باندہے اور بارواح پاک مقدس حضرت محمد مصطفیٰ
صلی اللہ علیہ وسلم اور بعد اسکے حضرت غوث الاعظم کا فاتحہ دیکے نابالغ لڑکون کو تقسیم
کرے اور اسی طرح پر عمل ملیدے کا بروز اول کرنا چاہیے تاکہ فتح وارد ہوئے پس
روز مرہ پندرہ نقش مثلث پر کرکے آب روان مین بہاوے تا عمل جاری رہے اگر ایک روز
ترک ہو جائے تو دوسرے روز تیس ۳۰ نقش پر کرے اور عمل مین لاوے تاکہ عمل زور شور پر ہوئے اور عامل
جس کام پر ہاتھ ڈالیگا وہ موثر ہوگا حال مثلث کا تمام ہوا

فصل ۲ نقش مربع کے بیان مین

نقش مربع کی پانچ وجہ استادون نے فرمائی ہین طبعی مشہور ہے پہلے جو کہ میزان کے اعداد
چار حصے کرے اور پہلے تیس جمع سے منہا کرے اور باقی کے چار حصے کرے اور ایک
حصہ اول خانے مین پر کرے اور ایک ایک ہر خانے مین زیادہ کرتا چلا جاوے تاکہ تمام ہو وجہ
دوسری یہ ہے کہ کل میزان سے ۳۴ عدد نقصان کرے اور باقی کو چار حصے کرے اور اگر حصے
سے تین زیادہ ہون تو ایک عدد پانچوین خانے مین زیادہ کرے اور رفتار سے لکھتا چلا جاوے اور اگر
حصے سے ۲ عدد زیادہ ہون تو خانہ نو مین ایک عدد زیادہ کرے تو پورا ہوگا اور اگر حصے سے ایک عدد

واسطے ہلاکت ظالم اور آوارہ کرنے دشمن کے خواص خانہ شانزدہم واسطے ہلاکت دشمن اور زبان بندی
کے اور خواص مین مربع کے سات شرطین اول بجا لاوے تو تمام عوامل اس نقش کے فرمان بردار
ہونگے اول زکات دوم نصاب سوم دور چہارم بذل پنجم عشر ششم قفل ہفتم ختم
ان ہر ایک کی سات شرطین مین پہلے غسل دوسرے وضو تیسرے دو رکعت نماز ادا کرے
چوتھے فاتحہ پڑھے پانچوین قبلہ رو بیٹھے چھٹے خلوت مین ہو کہ آفتاب بھی اسجگہ نہو ساتوین
اس جگہہ غیر شخص کا گذر نہووے اور نقش مربع لکھے اور دھوپ مین رکھے جسوقت کہ ظہر کی نماز ہو
پہلے نماز ادا کرے اور بعد ان نقوش مربع کو آب روان مین بہاوے پس جمیع اعداد نقش مربع
۹۵۴ ان اعداد کو اوپر تین روز کے قسمت کرے روز اول ۳۱۸ نقش مربع پر کرے روز دوم
۳۱۷ روز سوم ۳۱۷ - اور شرائط مربع اور مثلث کے سات ہین اور سولہ خانون مین سولہ طرح اس نقش کو پر کیا ہے

عزت و حرمت			
۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

شفای بیمار			
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۸	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

عداوت			
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

حصول دولت			
۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

باغ و بستان			
۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱۰
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۱	۱۱

دفع سحر و جادو و کفتار			
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

محبت الفت زن و مرد			
۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

خرابی دشمن			
۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

مسرت و فتح			
۵	۱۶	۳	۱۱
۱۰	۳	۱۲	[illegible]
۱۵	۱۶	۱۲	[illegible]
۴	۹	۷	۱۴

فہم علم و حکمت			
۱۶	۹	۴	۵
۱۳	۱۲	۶	۳
۸	۱	۱۵	۱۰
۱۱	۱۴	۴	۹

الفت و شفقت دوستان			
۲	۵	۶	۱۶
۱۴	۱۲	۹	۳
۸	۱	۱۵	۱۰
۱۱	۱۴	۴	۵

دفع حشرات الارض			
۳	۸	۱۵	۱۰
۱۶	۹	۴	۹
۱۳	۱۲	۱	۸
۲	۷	۱۴	۱۱

۱۱۰	۴	۵	۱۰۵
۶	۱۰۴	۱۱۱	۳
۱۰۷	۷	۲	۱۰۸
۱	۱۰۹	۱۰۶	۸

جو کہ اصل اول قاعدہ بیان کیا جاتا ہے معلوم کرنا چاہیے یہ مثال اصل مربع کی ہے مثلاً میزان جمع کل ۱۰۰ اور طرح ۳۰ اور باقی ۷۰ رہے اور اسکے چار حصے کیے حصہ کسر آئی خواص چار ورچار

۲۴	۲۸	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۳	۲۹
۱۹	۲۳	۲۶	۲۲
۲۷	۲۱	۲۰	۳۲

۱۶ خانے رکھتا ہے اور عدد طبعی ۳۴ ہیں وہ اسمائے حسنیٰ یعنی یا ہادی یا وہاب سے مرکب ہے اور قاعدہ پُر کرنے کا یہ ہے کہ پانچ طرح بیان کیے ہیں ان ۱۶ خانے کو بس خانے سے چاہے شروع کرے اور تمامی کو

پہنچاوے خواص ۱۶ خانون مربع کا بیان کیا جاتا ہے اول خانے سے ۱۶ خانے تک در ہر خانے کا خواص علحدہ ہے خانہ پہلا واسطے عزت اور حرمت اور واسطے صحت بیمار کے اور حصول مراد دلی کے خانہ اول سے شروع کرے اور خانہ دوم واسطے عداوت کے تاکہ درمیان دو شخصون کے تفرقہ ہوئے اور خانہ سوم واسطے تپ غیرہ اور حصول دولت وغیرہ کے خانہ چہارم واسطے دفع درد سر و دماغ اور خرابی دشمن کے خواص خانہ پنجم واسطے عرق مدنی و سحر جادو و دفع گفتار اور حشرات الارض اور سوا اسکے خانہ ششم کے خواص واسطے الفت اور محبت عورت اور مرد کے خانہ ہفتم کے خواص واسطے خراب اور آوارہ کرنے دشمن کے خواص خانہ ہشتم کا واسطے فتح و نصرت جنگ اور مقدمہ کے خواص خانہ نہم کے واسطے زیادتی فہم و علم و حلم و حکمت و کیمیاگری کے خواص خانہ دہم کے واسطے الفت و محبت زن و شوہر اور شفقت و مہربانی دوستون کے خواص خانہ یازدہم کے واسطے باہر لانے حشرات الارض یا روکنے دم وغیرہ کے خواص خانہ دوازدہم واسطے دفع موش اور مور و ملخ زراعت اور باغ کے خواص خانہ سیزدہم کے واسطے زیادہ ہونے شیر مویشی اور برکت زراعت خواص خانہ چہاردہم واسطے افزونی زراعت اور تابع کرنے معشوق کے خواص خانہ پانزدہم کے

واسطے سلامتی حامل اور صحت طفل کے جسوقت قمر اندر شرف کے ہوئے اور نحوست سے
ساقط ہو خواص ہفتم واسطے غلبے اور فیروزی کے اوپر دشمن کے لکھے تو جسوقت قمر بنظر
تثلیث یا تسدیس مریخ سے ہوئے اگر شرف آفتاب مین اور طالع وقت برج اسد اور
قمر زائد النور اور ہمراہ کف الخضیب کے درجہ پنجم برج ثور پر ہو تو کف الخضیب سے قران ہوگا اُسوقت
لکھے تاثیرات فتح و نصرت قوی ہوگی خواص ہشتم جسوقت آفتاب اور ماہتاب دونون شرف
مین ہون تو ایک نگین پر شل مہر کے کندہ کراکے اپنے ہاتھ مین رکھے جمیع آفات و بلایات
ارضی و سماوی سے محفوظ رہیگا اور اگر کاغذ پر لکھے اور صندوق مین لگاوے تو وہ صندوق
کرم اور آتش اور چوری سے محفوظ رہیگا خواص نہم جسوقت آفتاب شرف مین ہو اور قمر برج
جوزا یا سنبلہ مین ہو تو اوپر تختہ صندوق کے نقش کرے جو چیز کہ اُس صندوق مین رہیگا
وہ ہر بلا سے محفوظ رہیگی اور خواص دہم جسوقت کہ آفتاب شرف مین ہو لوح طلائی پر کندہ
کرے تو حامل کو رفعت اور جاہ حاصل ہوئے اور اگر وقت مذکور مین لوح نقرہ پر کندہ کرے
یا سنگ سفید پر لکھے اور اُس نقش کو شربت مین دھو کے پلاوے واسطے جمیع درد و امراض
خصوصاً جدری یعنی سیتلا یا آبلہ یا قولنج یا یرقان یا تپ جو کہ مرض ہوئے جلد صحت پاویگا
خواص یازدہم مربع طبعی کا جسوقت قمر سے مریخ کی نظر تثلیث یا تسدیس ہو اور دونون سعدیے
نحوست سے پاک ہون اور اوتاد طالع وقت خالی نحوست سے ہون اُسوقت اوپر لوح
طلائی یا نقرئی کے لکھے یا لوح مس پر یا ہر دھات کو ممزوج کرکے واسطے صلاحیت زن
اور شوہر کے کہ ہمیشہ محبت اور الفت سے رہین اور تمام عمر سازوار رہین خواص دوازدہم
اگر مربع غیر طبعی ہوئے اور زوج الزوج اور قمر شرف مین ہوئے تو اوپر صفحے نقرہ کے لکھے حامل
جمیع آفات اور بلیات سے محفوظ رہے الفرد ہو جسوقت اتصال قمر کا زحل سے
ہوتا ہو اور بنیاد مکان رکھے تو وہ مکان اسکے ہمیشہ خوشی و خرمی
سے رہین اگر ۲۸۴ کا مربع و نام طالب و مطلوب قمر ہمراہ اعداد اول ممزوج

دفع موش و ملخ

۴	۵	۶	۹
۱۵	۹	۱۰	۱۶
۱	۱۳	۸	۱۲
۱۴	۱۱	۲	۷

افزونی شیر مواشی

۶	۳	۱۰	۱۵
۹	۱۶	۵	۴
۷	۲	۱۱	۱۴
۱۲	۱۳	۸	۱۰

عشق کردن معشوق

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۴	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

برای ہلاکت اعدا

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

خواص مربع طبعی کے جسوقت قمر ہمراہ مریخ اتصال سعود نظر رکھتا ہو تو مربع لکھے اور پاس اپنے
رکھے تو اوپر دشمن کے فتح پاویگا اور درمیان مباحثہ جیتنے اور بازی جیتنے کے بہر حال
فتح رہے اور خواص دوسرا مربع نقش کا جسوقت کہ زہرہ سے قمر اتصال ہو سعود اور زہرہ
برج میزان یا ثور یا حوت مین ہو مربع اوپر انگوٹھی چاندی کے پر کرے یا اوپر لوح نقرہ کے پر کرے
اور اپنے پاس رکھے حامل محبوب و مرغوب اور مقبول القول جمیع خلائق مین ہوئے خواص
سوم جسوقت کہ قران زہرہ اور عطارد کا ہو اور آفتاب برج حمل یا قوس یا حوت یا ثور مین
یا میزان یا اسد مین ہو اور ساعت آفتاب کی ہو ورق طلائی پہ نقش مربع پر کرے تو حامل
رفیع القدر عند الناس ہوئے اور جمیع مکائد او آفات سے محفوظ رہے خواص چہارم مربع
طبعی کا جسوقت زحل اپنے خانۂ شرف مین ہوئے اور قمر برج اسد یا سرطان مین ہو تو مربع
پر کرے اوپر لوح سیسے کے تو حامل عورتون اور مردون اور ملوک اور سلاطین کے
نزدیک مرغوب اور محبوب رہے اور اگر وقت مذکور مین سنگ سیاہ پہ کندہ کرے اور بنای عمارت
مین رکھدے تو باشندے عمارت مذکور کے ہمیشہ عیش و عشرت مین رہین اور اگر سنگ منقش کو
رکھے اور زراعت مین دفن کرے تو غلہ بہت پیدا ہوئے خواص پنجم جسوقت کہ قمر اور آفتاب سے
نظر تثلیث ہو اس شکل مربع کو لکھے تو حامل ملوک اور سلاطین کی نظر مین محترم ہوئے
اگر نظر تثلیث ہو مشتری سے تو حرمت نزدیک اہل دیوانیان اور وزرا اور حکما کے ہو اگر نظر
قمر و عطارد کی تثلیث ہو تو شعرا و اہل تنجیم حامل سے محبت کرین اور خواص ششم

زہرہ سے نظر تثلیث اور روز جمعہ کا ہوئے اور قمر زائد النور ہو اول نام طالب و مطلوب کے
عدد استخراج کرے اور یہ عدد جمع پر زیادہ کرے ۴۳۲ اور مربع پر کرے کو موم چرمی میں
اس تعویذ کو رکھے مرد دست راست اور زن دست چپ میں باندھے مطلوب محبت میں
طالب کی بے قرار و بے آرام ہوگا جب تک وصل نہ ہوگا ایضاً روز سہ شنبہ و بقول دیگر یکشنبہ
بساعت شمس در تثلیث زہرہ کی ہمراہ قمر کے ہوا نام طالب و مطلوب لکھے اور اعداد
استخراج کرے اور یہ اعداد ۴۲۴۲ جمع پر زیادہ کرکے پوست آہو یا ورق نقرہ پر لکھے اور
مشک و زعفران گلاب میں حل کرکے لکھے اور قدرے شیرینی اپنے مونہہ میں رکھے اور
بخور خوشبو روشن کرے مراد طالب کی حاصل ہوگی۔

اس رفتار سے مربع پر کرے

۴	۱۴	۱۵	۱
۵	۱۱	۱۰	۸
۹	۷	۶	۱۲
۱۶	۲	۳	۱۳

ایضاً جس وقت آفتاب برج جوزا میں ہو روز چہارشنبہ کو
بوقت آفتاب کے پہلے اسم طالب و مطلوب کے عدد
حساب ابجد سے استخراج کرکے جمع کرے اور یہ اعداد زیادہ
کرکے ۴۰۰ نقش مربع کو پر کرے اور بخور روشن کرے
جوز اور فلفل کا اور اپنے گھر میں لٹکا دے تاکہ ہوا میں اڑے محبوب اور مطلوب بیقرار
اور بے آرام ہو کر پاس طالب کے حاضر ہوئے اکثر عزیزان اس عمل کو مؤلف القلوب
بیان کرتے ہیں یہ عمل حضرت شیخ سعدی شیرازی کا ہے

اس رفتار سے مربع پر کرے ۳۴

۸	۱۴	۱۱	۱
۳	۹	۱۶	۶
۱۳	۷	۲	۱۲
۱۰	۴	۵	۱۵

ایضاً جس وقت قمر اسد میں ہو اور آفتاب سے نظر
برج ہوائی کی رکھتا ہو اور نظر تثلیث اور نحوست سے
خالی اور سعدین نیک نظر سے ہوئے تو پہلے نام
طالب و مطلوب استخراج کرکے یہ اعداد جمع پر زیادہ
کرے ۳۴ ۶۶ اور بعضوں کے نزدیک عدد ہیں ۳۴ ۲۸
نقش مربع پر کرے اور بخور عود و عنبر جلاوے محبوب بے قرار ہوگا۔

رفتار یہ ہے

۸	۱۴	۱۱	۱
۳	۹	۱۶	۶
۱۳	۷	۲	۱۲
۱۰	۴	۵	۱۵

ر کے مربع لکھے اور پانی مین دھو کر مطلوب کو پلاوے محبت والفت جانی پیدا ہوگی خواص سیزدہم جسوقت کہ شمس وقمر دونون شرف مین ہون تو مشک و زعفران سے لکھے اور مصروع کے پانون کے نیچے رکھے ہوش مین آوے اور اگر اس ساعت مین گھر کی دیوار پہ نقش کرے تو حشرات الارض اس مکان کے بھاگ جاوین اور چور جو اس مکان مین آویگا تو گرفتار ہوگا خواص چہاردہم جسوقت زہرہ برج میزان مین ۵ درجے پر ہو یا حوت کے ۲۷ درجے پر زہرہ اور قمر برج سرطان یا برج ثور مین ہو اسوقت لوح نقرہ پر کندہ کرے اور حامل اپنے پاس رکھے تو تمام مخلوقات محب اور مقبول القول ہو اور تمام شخص اس سے دوستی کرین اگر چاہے کہ دعوت مربع طبعی کی کرے تاکہ مربع تصرف مین آوے تو اول تین روز روزہ رکھے اور ترک جلالی اور جمالی کرے افطار جو بے نمک کھاوے اول روز ایک لاکھ مرتبہ استغفار پڑھے بعد اسکے لاکھ مرتبہ ب دوح پڑھے اور حاوزہ لاکھ مرتبہ کہے نصرت وحیدہ کہے اور لاکھ مرتبہ یا ودود یا وھاب پڑھے اور چالیس دام شیرینی لڑکون کو تقسیم کرے اور چالیس نقش مربع لکھے اور قینچی سے کاٹکر علیحدہ علیحدہ کرے ورگیہون کے آٹے مین غلولہ کرے اور درود اور سورۂ اخلاص اور سورۂ فاتحہ پڑھے ور دم کرے اور غلولۂ مذکور دریا مین ڈالدے مدت چھ مہینے تک اور ترک جلالی وجمالی رے اور جماع سے پرہیز کرے اور مربع لکھے صاحب نصاب ہوگا اور عامل حسب مقصود پر ارادہ کرکے مربع کو لکھے گا سریع الاجابت ہوگا انشاء اللہ تعالی خواص پانزدہم مربع کے پہلے ام طالب اور مطلوب مع مادرین لکھے اور حساب ابجد سے عدد جمل کبیر لکھکر جمع کرے اور ایک ہزار عدد اور پر اعداد سابق کے جمع کرے اس اعداد مین اسرار الہی ہے مربع مین درج کرے مگر اول ساعت روز یکشنبہ جسوقت آفتاب ور قمر سے نظر تثلیث یا تسدیس ہو اس نقش

اس رفتار سے مربع پر کرے

۴	۱۴	۱۵	۱
۵	۱۱	۱۰	۸
۹	۷	۶	۱۲
۱۶	۲	۳	۱۳

مربع کو لکھے اور خوشبو جلاوے اور اسیوقت موم کرکے اپنے بازوئے چپ پر باندھے مرد اور اگر زن ہو تو بازوئے چپ باندھے گم جائے زرد ہووے خواص شانزدہم جسوقت قمر کی

نقش مثلث مین آیت ذوالکتابہ لکھے اور جو اعداد استخراج کیے ہین ان اعداد کے
حرف بنا کر ایک اسم ملائکہ کا طیار کرے پشت لوح پر کندہ کرے اور اپنی پگڑی مین
رکھے یہ عمل محبت کا بے نظیر ہے ۔ ایضاً اگر چاہے کہ ایک خواتین معظمہ مین سے
مسخر اپنا کرے پہلے انتظار وقت کا کرے
جسوقت آفتاب برج حمل کے ۱۹ درجے
ہو تو ایک لوح طلائی طیار کرے اور یہ عدد
۹۰۱۵ مع طالب و مطلوب سب کو جمع

لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ	ما عنتم حریص علیکم ۱۰۷۹	بالمومنین رؤف رحیم ۷۰۷۵
۶۹۷	۹۶۶	۱۶۳۵
۱۱۵۷	۸۰۵۲	۸۸۸

کر کے لوح پر کندہ کرے اور بعد کندہ ہونے کے اس لوح کو آگ مین دفن کرے بعد از
چند ساعت لوح مذکور کو اوپر بازوی چپ کے باندھے مطلوب سر و پا برہنہ تیرے پاس حاضر ہو
اور مطیع و فرمان بردار ہووے توبہ کرے حرام کے واسطے ہرگز ہرگز نہ کرے کہ خوف
مطلوب کی دیوانگی کا ہے ایضاً عمل مجرب اُستادان متقدمین کا یہ عمل واسطے اہل علم
کے نہایت مجرب ہے لوح نقرہ پر نقش مسدس مین ان اعداد کو پر کرے اور بازوے
راست پر باندھے مراد حاصل ہوگی اس عمل کو مولانا عبدالکریم دیلمی نے واسطے
نظام الملک کے کیا تھا وہ اس مرتبے کو پہونچا کہ ملک ایران مین مشہور تھا جسوقت
حسین سباک نے تقریر کی تھی اور بہت مضطرب الحال تھا کہ بطرف حسین سباک کے
تھا باوجودیکہ یہ اوپر اُسکے غالب آیا اُسنے جس ضلع پر یہ کارگذار سرکار تھا نام اُسکا اور زمام
صاحب حساب کا تکسیر کرکے یعنی صدر موخر کیا اور عدد اور اعداد زمام تک جمع کیا
لوح مذکور مین سے لکھے اور حروف صوامت کو ساتھ اسم صاحب حساب کے جو کہ تکسیر کیا ہے
اُسکے اعداد اور شش اسمای عطارد کے ساتھ جمع کرکے لوح نقرہ مین پر کرے اور اپنے
بازوی راست پر باندھے اُس قادر مستعان کی قدرت کا تماشا دیکھے کہ جن روزون
مین میر شمس الدین علی وزیر اصفہانی نے تقریر کی بادشاہ نے حکم کیا کہ جو کچھ کہ حساب

ایضاً روز یکشنبہ کو ساعت زہرہ یا مشتری مین اس عمل کو طیار کرے یا روز پنجشنبہ
یا چہارشنبہ یا روز جمعہ یا شب جمعہ اور عروج ماہ قمر زائد النور ہوا اور قمر برج ثور مین یا سنبلہ
مین یا قوس یا حوت مین اور نظر زہرہ یا مشتری سے تثلیث یا تسدیس ہو تو نام طالب
اور مطلوب کا استخراج کرکے یہ عدد جمع پر زیادہ کرے ۴۵۵۵ اور عمل محبت کا
کرے اور حرام پر شروع کرے کہ یہ اسما نہایت بزرگ ہین با وضو ہوکر پوست آہو پر
لکھے اور معطر کرکے اپنے بازو پر باندھے اور سات نقش اس رفتار سے پر کرے اور
کاغذ پر لکھے اور فتیلہ طیار کرکے بوقت شب علیحدہ مکان مین اور چراغ مسی یا گلی ہو
تپائی چوب انار پر اس چراغ کو روشن کرے اور یہ عزیمت پڑھے | قسمت علیکم
ایها الارواح الطاهرات برینا و دبکم علی تهیج وتحریق قلب و روح وجسد
فلان بن فلان نام مطلوب اور اسکی مان کا لکھے بنار عشق ومحبت فلان بن فلان
نام طالب اور اسکی مان کا لکھے فجذبوا فواد وجمیع جوارح فلان نام مطلوب بن فلان
مادر مطلوب بشوق مواصلت فلان نام طالب بن فلان مادر طالب حتی لا یصبر
ساعة ویستطیع فی جمیع الامور لیلاً ونهاراً کما یجذب المقناطیس
الحدید وبحق اکشائیل وبحق الملك الغالب سد جنغائیل علیکم وبجلاله
لدیکم واسرعوا فی قضاء حاجات وامور فلان طالب بن فلان مادر طالب
وما یتعلق فلان بن فلان مطلوب واطیعوا فی هذا الارواحات هذا الدعوات
فان تجیبوا بشرکم الله بالجنة وان لم تجیبوا فسلط الله علیکم ملائکة
ان تضربوا وجوهکم وادبارکم فتبادروا فی حصول هذا الامر بحق الله
الودود الوهاب المبدی الحی القیوم وبحق بدوح الرحا

رفتار نقش یہ ہے


۷	۹	۱۲	۶
۲	۱۶	۱۳	۳
۱۴	۴	۱	۱۵
۱۱	۵	۸	۱۰

ایضاً شرف زہرہ مین پہلے نام طالب و مطلوب جدا جدا
لکھے اور اعداد استخراج کرے اور عدد اس آیہ مین مرکب کرکے

پڑھے اگر چاہے کہ کسی اہل قلم کو مسخر اپنا کرے جسوقت کہ شرف عطارد کا ہوئے تو مس
مسدس کو لوح نقرہ پر طیار کرے اسم طالب و مطلوب کی تکسیر صدر مؤخر کرے اور اعداد
اس آیۂ کریمہ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ
الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ اور اعداد اس آیت کے قرآن شریف سے صحیح
کرکے لکھے ہین ۳۶۳۴ اور اعداد اس آیۂ کریمہ کے اور اعداد تکسیر مذکورے کے نقش
مسدس مذکور مین درج کرے اور اپنے بازوے راست پر باندھے مطلوب ایسا مسخر
ہوئے کہ شرح اسکی بیان سے باہر ہے اور جسوقت لوح نقرہ کو کندہ کرادے تو دانہ
موتی کا مہر کند کے سونہ مین رکھے اگر موتی سوراخ دار ہو تو بہت خوب ہے حکایت
عمل دیگر شرف کی ایک روز بادشاہ وقت فجر کے تخت سلطنت پر جلوہ فرما ہوئے اور نواب
عالیۃ العالیہ کو حضرت شیخ بہاؤ الدین محمد عاملی کے پاس بھیجا کہ شیخ صاحب سے جا کر کہو
کہ ہمارے واسطے کوئی عمل طیار کرو کہ باعث ترقی سلطنت اور مزید عمر ہو اور تمام دشمن
مقہور ہون شیخ صاحب نے عرض کیا کہ انشاء اللہ تعالی شرف آفتاب مین طیار
کرونگا اور وہ بہت موثر ہوگا نسخہ تبریزیا مین یہ عمل شرف آفتاب کا طیار کیا تھا
لوح طلائی مین نقش پنج در پنج یعنی مخمس کو ترکیب دیا اور بازو پر بادشاہ کے باندھا
اس لوح معظم و مکرم کی برکت سے قوام سلطنت اور جہانداری مین روز بروز ترقی
ہونے لگی اور جمیع دشمنان و باغی و طاغیان مقہور و مخذول ہوگئے اور بادشاہ
نماز فجر کی ادا کرکے محل سرا کے بالاخانے پر جا اور مونہہ طرف مشرق کے اور نظر
آفتاب کے طلوع پر کرکے سورۂ والشمس پڑھتے رہے جسوقت تمام قرص آفتاب کا
زمین پر آیا اسوقت لوح پر نگاہ کرکے کہا کہ نیر اعظم اس لوح کی برکت سے مجھے دولت کو
کمال کو پونہچادے کہ ہرگز زوال نہوئے اور اس قوم پر مجھے حاکم کردے کہ تمام
اقلیم کے میری فرمان برداری مین رہین یہ عمل بہت مجرب ہے اسکی برکت

سرکار مین طرف وزیر کے نکلے عرض کرو کہ ان سے اجارہ پہ سرکار سے اور قسم کھائی -
جناب میر مہدی قلی خان اور میر اخوند اور مولانا مظفر بہ ہمہ خدمت حضرت شیخ بہاوالدین
محمد عاملی تشریف لائے اور شیخ صاحب کی خدمت مین عرض کیا کہ اس مقدمے سے
رہائی میر مہدی قلی خان کو ہو بادشاہ نے وزیر کو حکم دیا ہے کہ مطالبہ کرکے جلد عرض
کرو اور قسم کھائی ہے جناب شیخ صاحب نے اخوند صاحب شاگرد خاص کو حکم دیا کہ عمل
عطارد طیار کرکے میر صاحب کو دو کہ میر مذکور اپنے بازو پر باندھے چنانچہ حسب الارشاد
اخوند صاحب نے طیار کرکے میر مذکور کے حوالے کیا کہ اپنے بازو پر باندھو تاکہ یہ آگ فرو ہو
اور بڑے حساب دان محاسبے کو آئے اور مکرر حساب کیا مگر ایک خرمہرہ میر مذکور پر نہ
نکلا اس بلا سے میر صاحب نے نجات پائی اور ہمراہ عدد ششش اسم عطارد کے اور عدد سورۂ
والعصر کے لوح مین پر کرے اگر کوئی مظلوم ظالم کی گرفتاری مین ہو تو واسطے رہائی کے
یہ عمل کرے نجات پاویگا اور اگر کسی جا پر نامہ برا رسول بھیجے تو یہ ششش اسم عطارد کے
سرنامہ پر لکھے انشاءاللہ تعالیٰ وہ نامہ قبول ہوجائیگا مگر عمل پہلے زبان سریانی مین
تھا مولانا غیاث الدین نے اس عمل کو زبان فارسی مین کیا بہت مجربات سے
ہے اور دوسری ترکیب اس عمل کی بیان کرتا ہون وہ سورۂ قاف کے ہمراہ
ہے اور جمیع اعداد اسمای عطارد کے یہ ہین ۳۶۳۴ اسمای عطارد انا ایران
الی الان استعائی اصفاهان اثرناباو والے دست اور اعداد اسمای
مذکور ۱۰۳۰ اور اعداد سورۂ والعصر ۴۷۴۲ اول عداد تکسیر طالب اور مطلوب کے اور عدد
ششم اسمای عطارد کے اور عدد سورۂ والعصر کے ان سب کو جمع کرکے لوح نقرہ
مین پر کرکے اور طالب کے بازوی راست پہ باندھے انشاءاللہ تعالیٰ بلاسے مخلصی
پاویگا اور دوسری ترکیب یہ ہے کہ مولانا حسین رحمۃ اللہ علیہ نے میر غیاث الدین
مستوفی کے واسطے کیا تھا اصلاح اور قطعاً تغیر و تبدیل اُس خدمت سے نہوئی اور دوسری ترکیب

فصل ۳ بیان تکسیر شکل مسدس طبعی مین معلوم کرنا چاہیے کہ یہ شکل مسدس منسوب شرف آفتاب سے ہے عدد ایک سو گیارہ طرح کرے اور باقی کے چھ حصے کرے اور حصے سے شروع کرکے اگر کسر پانچ عدد سے زیادہ رہے تو خانہ ہفتم مین ایک عدد زیادہ



